امام عبد بن حمید رحمہ اللہ نے حضرت حسن رحمہ اللہ سے بیان کیا ہے **كَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ** فرمایا اس سے مراد
ہے ... گناہ ... یہاں تک کہ ... دل ... ہو جاتا ہے۔

امام عبد بن حمید رحمہ اللہ نے حضرت ... محمد رحمہ اللہ ... سے روایت بیان کی ہے
رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: چار ... ہیں ... اور ... کی شکست اختیار کرنا۔
... اس کی ... اور ... سے ... کرتا ہے ...
... اللہ تعالیٰ نے فرمایا **كَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ** اور ... سے ... اختیار کرنا
... کے مطابق ... ہیں؟
فرمایا ... ہے۔

امام عبد بن حمید رحمہ اللہ نے حضرت ... سے بیان کیا ہے کہ انہوں نے **كَلَّاۤ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ**
يَوْمَىِٕذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ کے تحت ... اور ... کے ... لوگوں ... کے ہے
... اپنے رب کے ... ہوں گے (۲)

امام عبد الرزاق ... حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے ... بیان کیا ہے
كَلَّاۤ اِنَّ كِتٰبَ الْاَبْرَارِ لَفِيْ عِلِّيِّيْنَ کے تحت ... اور ... ہے
... **كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ** ... **يَّشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُوْنَ** ... مقربین
... ہوتے ہیں۔ (۲)

امام عبد بن حمید رحمہ اللہ نے حضرت ... رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے کہ **عِلِّيِّيْنَ** ... کا ... ہے۔
امام عبد بن حمید رحمہ اللہ نے حضرت ... سے بیان کیا ہے کہ **عِلِّيِّيْنَ** ساتواں آسمان ہے۔

۱۔ ... جلد 30، صفحہ 142 ...
۲۔ ... جلد 30، صفحہ 124-128

امام ابن ابی شیبہ رحمہ اللہ نے اعمش کی سند سے حضرت شمر رحمہ اللہ سے یہ قول بیان کیا ہے کہ جب بندۂ مومن کی روح قبض کر کے آسمان دنیا کی طرف بلند کی جاتی ہے تو دوسرے آسمان تک مقربین اس کے ساتھ چلتے ہیں۔ حتیٰ کہ آسمان سے پوچھا۔ حضرت شمر نے "الحجر" سے فرمایا: جو زیادہ قریب ہیں دوسرے آسمان کے، پھر تیسرے کے، پھر چوتھے کے، پھر پانچویں کے، پھر چھٹے کے، پھر ساتویں کے، یہاں تک کہ اس کی انتہا سدرۃ المنتہیٰ کے پاس ہوتی ہے۔ حتیٰ کہ کہا: پھر میں نے حضرت ضحاک رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا: سدرۃ المنتہیٰ کو یہ نام کیوں دیا گیا ہے؟ تو انہوں نے فرمایا: کیونکہ اللہ تعالیٰ کے امر سے اس کے پاس ہر شخص کا عمل ختم ہو جاتا ہے۔ کوئی شے اس سے تجاوز نہیں کر سکتی۔ پس وہ کہتے ہیں اے ہمارے رب! تیرا فلاں بندہ حالانکہ وہ ان کے بارے میں ان سے زیادہ جانتا ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ ان کی طرف مہر شدہ تحریر بھیجتا ہے اور اسے عذاب سے امان دے دیتا ہے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے: كَلَّآ إِنَّ كِتٰبَ الْاَبْرَارِ لَفِيْ عِلِّيِّيْنَ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا عِلِّيُّوْنَ ۝ كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ۝ يَّشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُوْنَ ۝

امام ابن جریر، ابن ابی حاتم اور ابن منذر رحمہم اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے کہ علیین سے مراد جنت ہے۔ اور انہوں نے يَّشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُوْنَ کے تحت فرمایا کہ تمام اہل آسمان اسے دیکھتے ہیں۔(1)

امام ابن منذر رحمہ اللہ نے حضرت ابن جریج رحمہ اللہ سے يَّشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُوْنَ کے تحت یہ قول بیان کیا ہے کہ ان سے مراد تمام آسمانوں کے باسیوں کے مقربین ہیں۔ جب ان کے پاس سے مومن کا عمل گزرتا ہے تو ہر آسمان کے مقربین اس کے ساتھ ہو جاتے ہیں یہاں تک کہ وہ عمل ساتویں آسمان تک پہنچ کر رک جاتا ہے اور وہ اس کی نگرانی کرتے ہیں، دیکھتے رہتے ہیں یہاں تک کہ وہ ساتویں آسمان میں ثابت ہو جاتا ہے، ٹھہر جاتا ہے۔

امام ابن مردویہ رحمہ اللہ نے حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نماز کے پیچھے نماز، جن دونوں کے درمیان کوئی لغو کلام نہ ہو ایسی کتاب ہے جو علیین میں لکھی ہوتی ہے۔

امام عبد بن حمید رحمہ اللہ نے حضرت ہلال بن یساف رحمہ اللہ کی سند سے بیان کیا ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے حضرت کعب رضی اللہ عنہ سے اللہ تعالیٰ کے ارشاد كَلَّآ إِنَّ كِتٰبَ الْاَبْرَارِ لَفِيْ عِلِّيِّيْنَ الآیہ کے بارے پوچھا تو انہوں نے فرمایا: بے شک بندہ مومن کی موت آتی ہے اور اس کے رب کے پیغامبر اس کے پاس آتے ہیں اور وہ اسے ایک لمحہ کی مؤخر کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے اور نہ ہی اسے پہلے لا سکتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ مقررہ ساعت آ جاتی ہے۔ پس جب وہ ساعت آ جاتی ہے تو وہ اس کی روح قبض کر لیتے ہیں اور اسے ملائکہ رحمت کے سپرد کر دیتے ہیں۔ پس وہ اسے دکھاتے ہیں جو اللہ تعالیٰ چاہے کہ وہ اسے خیر اور بھلائی میں سے دکھائیں۔ پھر وہ اس کی روح کے ساتھ آسمان کی طرف چڑھتے ہیں اور ہر آسمان کے مقربین اس کے ساتھ ہو جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ اسے ساتویں آسمان تک پہنچا دیتے ہیں اور وہ اسے اپنے سامنے رکھتے ہیں اور وہ وہاں اس پر نماز جنازہ پڑھنے کا انتظار نہیں کرتے۔ اور کہتے ہیں: اے اللہ! یہ تیرا فلاں بندہ ہے۔

1۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 30، صفحہ 28-126، داراحیاء التراث العربی بیروت

[illegible]

[illegible] حضرت [illegible] بیان [illegible] کے ایک آدمی [illegible]

[illegible]

[illegible] رحمہ اللہ نے حضرت [illegible] رضی اللہ عنہ [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ ﴿٢٢﴾ عَلَى الْأَرَائِكِ يَنظُرُونَ ﴿٢٣﴾ تَعْرِفُ فِي
وُجُوهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيمِ ﴿٢٤﴾ يُسْقَوْنَ مِن رَّحِيقٍ مَّخْتُومٍ ﴿٢٥﴾ خِتَامُهُ
مِسْكٌ ۚ وَفِي ذَٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُونَ ﴿٢٦﴾ وَمِزَاجُهُ مِن تَسْنِيمٍ ﴿٢٧﴾
عَيْنًا يَشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُونَ ﴿٢٨﴾ إِنَّ الَّذِينَ أَجْرَمُوا كَانُوا مِنَ الَّذِينَ
آمَنُوا يَضْحَكُونَ ﴿٢٩﴾ وَإِذَا مَرُّوا بِهِمْ يَتَغَامَزُونَ ﴿٣٠﴾ وَإِذَا انقَلَبُوا إِلَىٰ

[illegible]

أَهْلِهِمُ انْقَلَبُوْا فَكِهِيْنَ ﴿٣١﴾ وَ إِذَا رَاَوْهُمْ قَالُوْۤا اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ
لَضَآلُّوْنَ ﴿٣٢﴾ وَ مَاۤ اُرْسِلُوْا عَلَيْهِمْ حٰفِظِيْنَ ﴿٣٣﴾ فَالْيَوْمَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُوْنَ ﴿٣٤﴾ عَلَى الْاَرَآئِكِ ۙ يَنْظُرُوْنَ ﴿٣٥﴾ هَلْ ثُوِّبَ
الْكُفَّارُ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿٣٦﴾

"بے شک نیکوکار راحت و آرام میں ہوں گے۔ تختوں پر بیٹھے (مناظر جنت کا) نظارہ کر رہے ہوں گے۔ آپ پہچان لیں گے ان کے چہروں پر مسرتوں کی شگفتگی۔ انہیں پلائی جائے گی سربمہر خالص شراب اس کی مہر کستوری کی ہوگی۔ اس کے لیے سبقت لے جانے کی کوشش کریں سبقت لے جانے والے۔ اس میں تسنیم کی آمیزش ہوگی۔ وہ چشمہ جس سے صرف مقربین پئیں گے۔ بے شک جو مجرم تھے وہ اہل ایمان پر ہنسا کرتے تھے۔ اور جب ان کے قریب سے گزرتے تو آپس میں آنکھیں مارا کرتے۔ اور جب اپنے اہل خانہ کی طرف لوٹتے تو دل لگیاں کرتے واپس آتے۔ اور جب وہ مسلمانوں کو دیکھتے تو کہتے یقیناً یہ لوگ راہ سے بھٹکے ہوئے ہیں۔ حالانکہ وہ اہل ایمان پر محافظ بنا کر تو نہیں بھیجے گئے تھے۔ پس آج مومن کفار پر ہنس رہے ہیں۔ (مزے سے) تختوں پر بیٹھے (کفار کی خستہ حالی) کو دیکھ رہے ہیں۔ کیوں کچھ بدلا ملا کفار کو (اپنے کرتوتوں کا) جو وہ کیا کرتے تھے"۔

امام عبد الرزاق، ابن منذر اور عبد بن حمید رحمہم اللہ نے بیان کیا ہے کہ حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے يُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِيْقٍ مَّخْتُوْمٍ ﴿٢٥﴾ خِتٰمُهٗ مِسْكٌ کی تفسیر میں کہا ہے کہ انہیں سربمہر خالص شراب پلائی جائے گی۔ اس کا اختتام کستوری پر ہوگا قوم کے پیمانے کافور کے ساتھ ملایا جائے گا اور ان کے لیے کستوری کی مہر لگائی جائے گی۔ وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِيْمٍ کے تحت فرمایا: یہ ایک شراب ہے جو تمام شرابوں سے اشرف و اعلیٰ ہے۔ تسنیم جنت میں ایک چشمہ ہے جس سے صرف مقربین ہی پئیں گے اور تمام اہل جنت کے پیالوں کی آمیزش کی جائے گی (1)۔

امام عبد بن حمید، ابن جریر، ابن منذر، ابن ابی حاتم اور بیہقی رحمہم اللہ نے البعث میں حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے بیان کیا ہے کہ رَحِيْقٍ سے مراد شراب ہے اور خِتٰمُهٗ مِسْكٌ کے بارے کہا: اس کی مثل کستوری کی ہوگی۔ اور وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِيْمٍ کے تحت کہا: کہ ان کے گھروں کی اوپر کی جانب سے ان پر تسنیم بہے گا۔

امام ابن ابی شیبہ اور عبد بن حمید رحمہما اللہ نے حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ سے يُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِيْقٍ مَّخْتُوْمٍ کے تحت یہ قول نقل کیا ہے کہ یہ شراب ہے (جو سربمہر ہوگی اور انہیں پلائی جائے گی) اور وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِيْمٍ کے تحت فرمایا کہ یہ مخفی ہے

1۔ تفسیر عبد الرزاق، زیر آیت ہذا، جلد 3، صفحہ 406 (3540)، دار الکتب العلمیہ بیروت

ہے جسے اللہ تعالیٰ نے اہل جنت کے لیے تیار کر رکھا ہے (1)۔

امام ابن ابی شیبہ اور عبد بن حمید رحمہما اللہ نے حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے یہ قول بیان کیا ہے۔ رحیق سے مراد شراب ہے۔ اور ختامہ مسک کا مفہوم ہے کہ اس کا آخری ذائقہ کستوری کی طرح ہوگا (2)۔

امام عبد بن حمید نے حضرت حسن سے یہی روایت بیان کی ہے ختامہ مسک کا مفہوم ہے اس کی آمیزش کستوری سے ہوگی۔

ابن ابی شیبہ اور عبد بن حمید نے حضرت مالک بن حارث رحمہ اللہ سے ومزاجہ من تسنیم کے تحت یہ قول بیان کیا ہے کہ تسنیم جنت میں ایک چشمہ ہے جس سے صرف مقربین پئیں گے جبکہ اہل جنت کے لیے اس کی آمیزش کی جائے گی (3)۔

امام عبد بن حمید نے حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ سے یہ قول بیان کیا ہے کہ تسنیم اہل جنت کی اعلیٰ ترین شراب ہے۔ کیا تو نے نہیں سنا آدمی سے کہا جاتا ہے جب وہ اپنے قبیلہ کے سب سے بلند مرتبہ ہو انہ لعلی تسنام من قومہ۔

امام ابن منذر رحمہ اللہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے یہ قول نقل کیا ہے کہ ختامہ مسک جنت میں چشمہ ہے جس سے اہل جنت وضو اور غسل کریں گے جس سے ان پر تازگی ہو جائے گی۔

امام ابن منذر رحمہ اللہ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ مختوم کا معنی ملا ہوا ہے۔ اور ختامہ مسک کا معنی ہے اس کا آخر، تو وہ اس کی خوشبو کستوری کی طرح ہوگی۔

امام سعید بن منصور، ہناد، ابن ابی حاتم، ابن ابی شیبہ، ابن منذر اور بیہقی رحمہم اللہ نے البعث میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے کہ انہوں نے یسقون من رحیق مختوم کے متعلق فرمایا کہ رحیق سے مراد شراب ہے اور مختوم سے مراد یہ ہے کہ وہ اس کے آخر میں کستوری کا ذائقہ پائیں گے (4)۔

امام ابن جریر، ابن ابی حاتم، ابن منذر اور بیہقی رحمہم اللہ نے البعث میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے کہ یسقون من رحیق مختوم کا مفہوم ہے کہ وہ شراب جس پر کستوری کی مہر ہوتی ہے (5)۔

امام ابو عبید، حاکم اور آپ نے اس روایت کو صحیح قرار دیا ہے، اور بیہقی رحمہم اللہ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے ختامہ مسک کے تحت یہ قول بیان کیا ہے اس سے مراد مہر نہیں جس کے ساتھ مہر لگائی جائے گی۔ بلکہ اس کی آمیزش کستوری کے ساتھ ہوگی۔ کیا تو نے اپنی عورتوں میں سے کسی عورت کو نہیں دیکھا، وہ کہتی ہے کہ اس کی ملی جلی خوشبو اس طرح ہے (6)۔

امام ابن الانباری رحمہ اللہ نے الوقف والابتداء میں حضرت علقمہ رحمہ اللہ سے اسی طرح بیان کیا ہے۔

امام ابن جریر، ابن منذر اور بیہقی رحمہم اللہ نے حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ سے ختامہ مسک کے تحت یہ قول بیان کیا ہے کہ وہ چاندی کی طرح سفید رنگ کی شراب ہوگی جو شراب کے آخر میں اختتام پر اس کے ساتھ مہر کریں گے۔ اگر اہل دنیا میں

1۔ مصنف ابن ابی شیبہ، باب ... جلد 7 صفحہ 44 (34059)، مطبوعہ ...		2۔ ایضاً 34064
3۔ ایضاً (34062)		4۔ ایضاً (34030)
5۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 30 صفحہ 131، داراحیاء التراث العربی بیروت
6۔ مستدرک حاکم جلد 9 صفحہ 218 (3906)، مکتبہ علوم ...

سے کوئی آدمی اس میں اپنی انگلی داخل کرے پھر اسے نکال لے تو کوئی بھی روح اس کی خوشبو پائے بغیر نہ رہ سکے (یعنی ہر ذی روح اس کی خوشبو پا لے گا) (1)۔

امام ہناد اور ابن منذر نے حضرت مجاہد رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ جس کسی مومن نے دوسرے مومن کو پیاس کی حالت میں ایک گھونٹ پلایا تو اللہ تعالیٰ اسے الرحیق المختوم سے پلائے گا اور یہ سب پلانا ہے۔ (2)

امام ہناد نے حضرت عطاء رحمۃ اللہ علیہ سے بیان کیا ہے کہ تسنیم اس چشمے کا نام ہے جس کے ساتھ شراب ملائی جائے گی۔

امام عبدالرزاق، سعید بن منصور، عبد بن حمید، ابن منذر، ابن ابی حاتم اور بیہقی رحمہم اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے کہ تسنیم اہل جنت کی اشرف ترین شراب ہے۔ اور یہ صرف مقربین کے لیے ہے اور اصحاب یمین کے لیے اس کی آمیزش کی جائے گی (3)۔

امام ابن ابی شیبہ، ابن مبارک، سعید بن منصور، ہناد، عبد بن حمید، ابن منذر، ابن ابی حاتم رحمہم اللہ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے کہ تسنیم جنت میں ایک چشمہ ہے جس کی اصحاب یمین کے لیے آمیزش کی جائے گی اور اس سے صرف مقربین کو پلایا جائے گا (4)۔

امام عبد بن حمید اور ابن منذر رحمہما اللہ نے حضرت یوسف بن مہران رحمہ اللہ کی سند سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے کہ ان سے وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِیْمٍ کے بارے پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا: یہ وہی ہے جس کے بارے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِیَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْیُنٍ (السجدہ: 17) ”کوئی شخص اس کے بارے نہیں جانتا جو آنکھوں کی ٹھنڈک (و راحت) ان کے لیے چھپا رکھی ہے“۔

امام ابن منذر رحمہ اللہ نے حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے کہ تسنیم جنت عدن میں ایک چشمہ ہے جس سے صرف مقربین ہی پئیں گے۔ اور وہ ان کے نیچے سے اصحاب یمین کی طرف بہے گا۔ اور ان کے تمام مشروبات پانی، شراب، دودھ اور شہد میں مل جائے گا اور اس کے سبب تمام خوشبودار ہو جائیں گے۔

امام عبدالرزاق اور ابن منذر رحمہما اللہ نے حضرت کلبی رحمۃ اللہ علیہ سے یہ قول نقل کیا ہے کہ تسنیم ایک چشمہ ہے جسے ان کے بالاخانوں کی جانب سے جاری کیا جائے گا اور یہ مقربین کی شراب ہے (5)۔

امام عبد بن حمید رحمہ اللہ نے ذکر کیا ہے کہ حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ نے اِنَّ الَّذِیْنَ اَجْرَمُوْا كَانُوْا مِنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یَضْحَكُوْنَ کے تحت کہا ہے کہ اس سے دنیا میں کہا اور وہ کہتے ہیں: قسم بخدا! بے شک یہ جھوٹے ہیں، اور یہ کسی شے پر بھی نہیں

1۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 30، صفحہ 130، داراحیاء التراث العربی بیروت 2۔ مستدرک حاکم، جلد 3، صفحہ 13، دار صادر بیروت

3۔ تفسیر عبدالرزاق، زیر آیت ہذا، جلد 3، صفحہ 405 (3542)، دارالکتب العلمیہ بیروت

4۔ مصنف ابن ابی شیبہ، کتاب الجنۃ، جلد 7، صفحہ 44 (34091)، مکتبۃ الزمان مدینہ منورہ

5۔ تفسیر عبدالرزاق، زیر آیت ہذا، جلد 3، صفحہ 405 (3541)

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

1 [illegible] جلد 3 صفحہ 406، 3543 [illegible]

سورۃ الانشقاق [illegible]

[illegible]

[illegible]

إِذَا السَّمَاءُ انشَقَّتْ ﴿١﴾ وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿٢﴾ وَإِذَا الْأَرْضُ
مُدَّتْ ﴿٣﴾ وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ ﴿٤﴾ وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿٥﴾ يَا أَيُّهَا
الْإِنسَانُ إِنَّكَ كَادِحٌ إِلَىٰ رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلَاقِيهِ ﴿٦﴾ فَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ
بِيَمِينِهِ ﴿٧﴾ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَسِيرًا ﴿٨﴾ وَيَنقَلِبُ إِلَىٰ أَهْلِهِ
مَسْرُورًا ﴿٩﴾ وَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ وَرَاءَ ظَهْرِهِ ﴿١٠﴾ فَسَوْفَ يَدْعُو
ثُبُورًا ﴿١١﴾ وَيَصْلَىٰ سَعِيرًا ﴿١٢﴾ إِنَّهُ كَانَ فِي أَهْلِهِ مَسْرُورًا ﴿١٣﴾ إِنَّهُ ظَنَّ أَن لَّن
يَحُورَ ﴿١٤﴾ بَلَىٰ إِنَّ رَبَّهُ كَانَ بِهِ بَصِيرًا ﴿١٥﴾ فَلَا أُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ﴿١٦﴾ وَاللَّيْلِ وَ
مَا وَسَقَ ﴿١٧﴾ وَالْقَمَرِ إِذَا اتَّسَقَ ﴿١٨﴾ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَن طَبَقٍ ﴿١٩﴾ فَمَا لَهُمْ لَا
يُؤْمِنُونَ ﴿٢٠﴾ وَإِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنُ لَا يَسْجُدُونَ ﴿٢١﴾ بَلِ الَّذِينَ
كَفَرُوا يُكَذِّبُونَ ﴿٢٢﴾ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا يُوعُونَ ﴿٢٣﴾ فَبَشِّرْهُم بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿٢٤﴾
إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ ﴿٢٥﴾

[illegible]

اور تحقیق کی۔ وہ رات کی اور جن چیزوں کو سمیٹے ہوئے ہے۔ اور چاند کی قسم! جب وہ کامل ہو جائے۔ تمہیں (بتدریج) ایک منزل سے دوسری منزل پر چڑھنا ہے۔ پس انہیں کیا ہو گیا ہے کہ یہ ایمان نہیں لاتے۔ اور جب ان کے سامنے قرآن پڑھا جاتا ہے تو سجدہ نہیں کرتے۔ بلکہ یہ کافر (اسے) جھٹلاتے ہیں۔ اور اللہ خوب جانتا ہے جو ان کے دلوں میں بھر رکھا ہے۔ پس آپ انہیں دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دیجئے۔ البتہ جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کے لیے ایسا اجر ہے جو ختم نہ ہوگا۔

امام ابن ضریس، نحاس، ابن مردویہ اور بیہقی رحمہم اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ قول بیان کیا ہے کہ سورۃ إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔(1)

امام ابن مردویہ رحمہ اللہ نے حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہما سے بھی اسی طرح روایت کیا ہے۔

امام ابن ابی شیبہ، بخاری، مسلم، ابوداؤد، نسائی اور ابن مردویہ رحمہم اللہ نے حضرت ابو رافع رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ انہوں نے کہا: میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ عشاء کی نماز پڑھی تو انہوں نے سورۃ إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ پڑھی اور سجدہ کیا۔ تو میں نے ان سے اس کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا: میں نے حضرت ابو القاسم ﷺ کے پیچھے سجدہ کیا ہے۔ پس میں اس میں ہمیشہ سجدہ کرتا رہوں گا یہاں تک کہ میں آپ سے جا ملوں گا۔(2)

ابن ابی شیبہ، مسلم، ابوداؤد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ اور ابن مردویہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا: ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ اور اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ (العلق:1) میں سجدہ کیا ہے۔(3)

امام بخاری نے تاریخ میں اور طبرانی رحمہما اللہ نے حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے سورۃ إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ میں سجدہ کیا۔

امام ابن خزیمہ، ابو یعلیٰ نے مسند میں اور ضیاء مقدسی رحمہم اللہ نے المختارہ میں حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ ظہر کی نماز میں إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ اور اس جیسی سورتوں کی قراءت فرماتے تھے۔

امام ابن ابی حاتم رحمہ اللہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کیا ہے کہ آپ نے فرمایا: آسمان کہکشاں سے پھٹے گا۔

امام ابن ابی حاتم رحمہ اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اسی طرح تفسیر نقل کی ہے۔ وَأَذِنَتْ اور اس نے اطاعت کی وَحُقَّتْ اور یہ اطاعت فرمانبرداری اس پر فرض اور لازم ہے۔

امام ابن منذر رحمہ اللہ نے حضرت سفیان رحمۃ اللہ علیہ سے بیان کیا: وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ فرمایا: اس نے اپنے رب کے فرمان کی اطاعت کی۔ اور اطاعت کرنا اس کے لیے فرض بھی ہے۔

1۔ دلائل النبوۃ للبیہقی، باب ذکر السور، جلد 7، صفحہ 143، دار الکتب العلمیہ بیروت

2۔ مصنف ابن ابی شیبہ، باب ... جلد 1، صفحہ 368 (4236)، مکتبۃ الزمان مدینہ منورہ

3۔ سنن ابن ماجہ، کتاب اقامۃ الصلوۃ، جلد 1، صفحہ 582 (1058)، دار الکتب العلمیہ بیروت

امام ابن منذر رحمہ اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے: وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا اس نے کلام [illegible]
تعالیٰ نے اس سے کلام فرمایا۔

امام حاکم رحمہ اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ قول بیان کیا ہے اور اسے صحیح قرار دیا ہے [illegible] سب آخری [illegible] کی علامات میں۔ وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا [illegible] قیامت [illegible] وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا [illegible] مردوں کو باہر نکال دے گی۔ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا [illegible]

امام عبد بن حمید رحمہ اللہ نے حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے بھی اسی طرح کا قول نقل کیا ہے۔

ابن منذر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے کہ وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا وہ سونے کے ٹکڑوں کو باہر نکال دے گی۔

امام فریابی، سعید بن منصور، حاکم اور آپ نے اس روایت کو صحیح قرار دیا ہے اور بیہقی رحمہم اللہ نے دلائل میں حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے یہ قول نقل کیا ہے کہ بیت اللہ شریف زمین سے دو ہزار برس پہلے موجود تھا۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ کہ زمین بیت اللہ شریف کے نیچے سے مکمل طور پر پھیلائی گئی۔(2)

امام حاکم رحمہ اللہ نے حضرت ابن عمرو رضی اللہ عنہما سے یہ بیان کیا ہے کہ جب قیامت کا دن ہوگا تو زمین چمڑے کے پھیلانے کی طرح پھیلا دی جائے گی۔ اور اللہ تعالیٰ کی مخلوقات، انسان، جنات، چوپائے اور وحشی جانور سب کو جمع کرے گا۔ اور اس دن اللہ تعالیٰ چوپاؤں کے درمیان قصاص کا حکم نافذ فرمائے گا۔ یہاں تک کہ اس بکری جس کے سینگ نہیں، سینگوں والی بکری سے قصاص لے گی۔ اور جب اللہ تعالیٰ چوپاؤں کے درمیان قصاص سے فارغ ہوگا تو انہیں فرمائے گا تم مٹی ہو جاؤ۔ پس کافر انہیں دیکھے گا تو کہے گا یٰلَیْتَنِیْ كُنْتُ تُرٰبًا (النبا: 40) اے کاش! میں مٹی ہوتا۔

حاکم نے سند جید کے ساتھ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ قیامت کے دن زمین کو چمڑے کی طرح کھینچا جائے گا۔ پھر اس میں ہر انسان کے لیے اپنے قدم رکھنے کی جگہ کے سوا کچھ نہیں ہوگا۔

ابو القاسم ختلی نے الدیباج میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے یہ روایت بیان کی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ الآیہ کی تلاوت فرمائی [illegible] میں وہ پہلا شخص ہوں جس سے قیامت کے دن سب سے پہلے زمین پھٹے گی اور اپنی قبر میں سرہانے بیٹھوں گا، [illegible] حرکت کرنے لگے گی [illegible] تو میں اسے کہوں گا: تجھے کیا ہوا ہے؟ تو وہ جواب دے گی: بے شک میرے رب نے مجھے حکم دیا ہے کہ جو کچھ میرے اندر ہے میں اسے باہر نکال دوں اور میں خالی ہو جاؤں، پھر اسی طرح ہو جاؤں جس طرح پہلے تھی۔ جب کہ مجھ میں کوئی شے نہ تھی۔ یہ اسی کے متعلق اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے: وَاَلْقَتْ مَا فِیْهَا وَتَخَلَّتْ۔

امام عبد الرزاق اور عبد بن حمید رحمہما اللہ نے حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے اس طرح تفسیر بیان کی ہے: وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا فرمایا اس نے اپنے سب [illegible] وَاَلْقَتْ مَا فِیْهَا وَتَخَلَّتْ فرمایا وہ زمین اپنے بوجھوں [illegible] میں خزانے اور لوگ (مردے) سب باہر نکال دے گی۔ یٰۤاَیُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰی رَبِّكَ كَدْحًا فرمایا: اے انسان!

2۔ مستدرک حاکم، کتاب التفسیر، جلد 2، صفحہ 583 (3910)، دار الکتب العلمیہ، بیروت — (3911) ایضاً، 2

[illegible] ۔(1)

[illegible]

[illegible] (2) [illegible] ملاقات [illegible] ۔(3)

[illegible] حضرت عائشہ صدیقہ [illegible]

[illegible] (4)

[illegible] حضرت عائشہ [illegible]

[illegible]

[illegible] حضرت عائشہ صدیقہ [illegible] بیان کیا [illegible]

[illegible]

[illegible] (5)

---

1. [illegible] 1544، 53 [illegible] 1407-09 [illegible]
2. [illegible] جلد 7 [illegible] 220 (35498) [illegible]
3. [illegible] 142 [illegible]
4. [illegible] جلد 17-19 [illegible] 171 (2876) [illegible]
5. [illegible] 6 [illegible] 48 [illegible] جلد 2 [illegible] 583 (3912) [illegible]

امام ابن منذر رحمہ اللہ نے حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے بیان کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا: وَّ یَنْقَلِبُ اِلٰۤى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا کہ وہ جنت میں اپنے گھر والوں کی طرف شاداں و فرحاں لوٹے گا۔ اور قول باری تعالیٰ وَ اَمَّا مَنْ اُوْتِیَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ سے مراد یہ ہے: اس کا ہاتھ پیچھے سے بنا کر اس کی پشت کے پیچھے کیا جائے گا۔

امام ابن منذر رحمہ اللہ نے حضرت [illegible] سے بیان کیا ہے [illegible] آپ نے فرمایا [illegible] کی طرف جایا جائے گا اور کہا جائے گا: اے فلاں آ جا [illegible] کے بعد [illegible] بے شمار حساب کے پیچھے [illegible] کیا جا رہا ہے۔

امام ابن منذر رحمہ اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے کہ ثُبُوْرًا سے مراد ہلاکت ہے۔

امام ابن منذر رحمہ اللہ نے حضرت ضحاک رحمۃ اللہ علیہ سے بیان کیا ہے: اِنَّهٗ كَانَ فِیْۤ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا بے شک وہ اپنے گھر والوں میں خوش و خرم رہا کرتا تھا۔

فریابی، عبد بن حمید، ابن منذر اور بیہقی نے البعث میں حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے وَ اَمَّا مَنْ اُوْتِیَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ کے تحت یہ قول نقل کیا ہے کہ اس کا بایاں ہاتھ اس کی پشت کے پیچھے کر دیا جائے گا اور اس کے ساتھ وہ نامہ عمل پکڑے گا۔

امام ابن جریر، ابن منذر اور ابن ابی حاتم رحمہم اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے: اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ یَّحُوْرَ بے شک وہ یہ گمان کرتا تھا کہ وہ ہرگز دوبارہ نہیں اٹھایا جائے گا۔(1)

امام عبد الرزاق اور عبد بن حمید رحمہما اللہ نے حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے بھی اسی طرح روایت کیا ہے۔(2)

امام ابن ابی حاتم رحمہ اللہ نے حضرت ضحاک رحمہ اللہ کی سند سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے کہ اَنْ لَّنْ یَّحُوْرَ کا معنی ہے کہ وہ ہرگز لوٹ کر نہیں جائے گا۔

امام عبد بن حمید نے حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے یہ مفہوم بیان کیا ہے کہ وہ ہرگز ہماری طرف لوٹ کر نہیں آئے گا۔

امام طستی نے مسائل میں اور ابن انباری رحمہم اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے کہ حضرت نافع بن ازرق رحمہ اللہ نے ان سے لَّنْ یَّحُوْرَ کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا: اس کا معنی ہے کہ وہ ہرگز نہیں لوٹے گا۔ یہ حبشی لغت ہے۔ یعنی وہ گمان کرتا ہے کہ وہ ہرگز آخرت میں اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹ کر نہیں جائے گا۔ نافع نے کہا: کیا عرب اس معنی کو جانتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: ہاں۔ کیا تو نے لبید کا قول نہیں سنا:

وما المرء الا کالشہاب وضوءہ   یحور رمادا بعد اذ هو ساطع

"آدمی نہیں مگر شہاب کی طرح کہ اس کے بجھنے اور چمکنے کے بعد اس کی روشنی راکھ بن جاتی ہے"۔(3)

1۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 30، صفحہ 145، داراحیاء التراث العربی بیروت

2۔ تفسیر عبد الرزاق، زیر آیت ہذا، جلد 3، صفحہ 408 (3547)، دارالکتب العلمیہ بیروت

3۔ معجم کبیر، جلد 10، صفحہ 251، مکتبۃ العلوم والحکم مدینہ

امام عبد بن حمید رحمہ اللہ نے حضرت عکرمہ رحمہ اللہ سے بیان کیا ہے کہ انہوں نے اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ یَّحُوْرَ کے تحت یہ بیان کیا ہے کہ حبشی زبان میں جب ... تو کہتے ہیں "حُوْرِیْ اِلٰی اَهْلِكِ" یعنی اپنے گھر والوں کی طرف چلا جا۔

امام ابن ابی حاتم رحمہ اللہ نے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کے واسطے سے حضور ﷺ سے یہ قول بیان کیا ہے ... حضرت محمد ﷺ ... الشفق ... سرخی ہے (1)

امام عبد الرزاق، امام ابن ابی شیبہ، امام عبد بن حمید اور امام ابن المنذر رحمہم اللہ نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے کہ الشفق سے مراد سرخی ہے (2)

امام سعید بن منصور اور امام ابن ابی حاتم رحمہما اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے کہ وَالَّیْلِ وَمَا وَسَقَ کا معنی ہے قسم ہے رات کی اور ان چیزوں کی جو اس میں داخل ہیں۔

امام ابو عبید نے فضائل میں، امام ابن ابی شیبہ، عبد بن حمید اور امام ابن المنذر رحمہم اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے کہ اس کا معنی ہے قسم ہے رات کی اور ان کی جنہیں وہ اکٹھا کیے ہوئے ہے (3)

امام عبد بن حمید اور امام ابن المنذر نے حضرت عکرمہ رحمہ اللہ سے بیان کیا ہے کہ آپ نے وَالَّیْلِ وَمَا وَسَقَ کی تفسیر میں کہا: قسم ہے رات اور اس کی جو اس میں چھپ جاتی ہیں اور جمع ہو جاتی ہیں مثلاً حشرات، سانپ، بچھو اور کیڑے مکوڑے وغیرہ۔

امام عبد بن حمید رحمہ اللہ نے حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے وَمَا وَسَقَ کے بارے بیان کیا ہے کہ قسم ہے رات کی اور اس عمل کی جو اس میں کیا جاتا ہے۔

امام عبد بن حمید، ابن جریر اور ابن ابی حاتم رحمہم اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے: وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ کا معنی ہے قسم ہے چاند کی جب وہ مکمل ہو جائے (4)

امام طستی نے مسائل میں، ابن الانباری نے الوقف والابتداء میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے کہ نافع بن ازرق نے ان سے وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ کے بارے پوچھا تو آپ نے فرمایا: اس کا معنی ہے جب اس کا نور مکمل ہو جائے۔ نافع نے عرض کی: کیا عرب اس معنی کو پہچانتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: ہاں، کیا تو نے شاعر کا یہ قول نہیں سنا:

ان لنا قلائصا حقائقا مستوسقات لو یجدن سائقا

"بے شک ہمارے پاس چار سالہ جوان اونٹنیاں ہیں جو جمع ہو جاتی ہیں اگر کوئی ہانکنے والا پائیں۔"

امام عبد الرزاق، عبد بن حمید اور ابن المنذر رحمہم اللہ نے حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے کہ وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ کا مفہوم ہے قسم ہے چاند کی جب وہ گول ہو جائے (5)

1۔ مصنف ابن ابی شیبہ، باب الشفق، جلد 1، صفحہ 293 (3364)، مکتبۃ الزمان مدینہ منورہ
2۔ ایضاً (3362)
3۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 30، صفحہ 147، داراحیاء التراث العربی بیروت
4۔ ایضاً، جلد 30، صفحہ 148-147
5۔ تفسیر عبد الرزاق، زیر آیت ہذا، جلد 3، صفحہ 408 (3549)، دار الکتب العلمیہ بیروت

امام عبد بن حمید رحمہ اللہ نے حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ سے بھی اسی طرح روایت کیا ہے۔

امام عبد بن حمید اور ابن الانباری نے کئی طرق سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے کہ ان سے وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا: جس کو رات جمع کر لیتی ہے۔ کیا تو نے شاعر کا یہ قول نہیں سنا:

إن لنا قلائصا حقائقا مستوسقات لو يجدن سائقا

امام عبد بن حمید نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے: وَالْقَمَرِ إِذَا اتَّسَقَ سے مراد تیرھویں رات کا چاند ہے۔

امام عبد بن حمید رحمہ اللہ نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے یوں بیان کیا ہے کہ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ کا معنی ہے کہ تمہیں بتدریج ایک حال کے بعد دوسرے حال کی طرف چڑھنا ہے۔

امام عبد بن حمید رحمہ اللہ نے حضرت [illegible] سے یہ تفسیر نقل کی ہے کہ تمہیں بتدریج ایک امر کے بعد دوسرے امر کی طرف چڑھنا ہے۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ قول نقل کیا ہے کہ تمہیں بتدریج ایک حال کے بعد دوسرے حال کی طرف چڑھنا ہے۔ فرمایا: یہ تمہارے نبی ﷺ (کے بارے) میں ہے۔(1)

امام ابو عبید نے القراءات میں، سعید بن منصور، ابن منیع، ابن جریر، عبد بن حمید اور ابن منذر رحمہم اللہ نے بیان کیا ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما لَتَرْكَبَنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ یعنی باء کے فتح کے ساتھ پڑھتے تھے اور فرماتے تھے: تمہارے نبی ﷺ نے بتدریج ایک حال کے بعد دوسرے حال کی طرف چڑھنا ہے۔(2)

امام طیالسی، عبد بن حمید، ابن ابی حاتم اور طبرانی رحمہم اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ قول نقل کیا ہے کہ اے محمد ﷺ! آپ نے آسمان کی طرف منزل بہ منزل چڑھنا ہے۔(3)

امام عبد بن حمید، ابن منذر، حاکم نے الکنی میں، ابن مردویہ نے غرائب شعبہ میں، ابن مردویہ اور طبرانی رحمہم اللہ نے بیان کیا ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے لَتَرْكَبَنَّ کو باء کے ساتھ "لترکبن" پڑھا ہے: اے محمد ﷺ! آپ نے ایک آسمان کے بعد دوسرے آسمان کی طرف چڑھنا ہے۔(4)

امام ابن جریر رحمہ اللہ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے یوں بیان کیا ہے کہ اے محمد ﷺ! آپ نے ایک حال کے بعد دوسرے حال کی طرف چڑھنا ہے۔

امام عبد بن حمید اور ابن ابی حاتم رحمہما اللہ نے حضرت شعبی رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے کہ اے محمد ﷺ! آپ نے ایک حال کے بعد دوسرے حال کی طرف چڑھنا ہے۔

1۔ صحیح بخاری، باب سورۃ، جلد 3، صفحہ 203 (4630)، مطبوعہ بیروت

2۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 30، صفحہ 151، داراحیاء التراث العربی بیروت 3۔ معجم کبیر، جلد 11، صفحہ 101 (11173)، مکتبۃ العلوم والحکم بغداد

4۔ ایضاً، جلد 10، صفحہ 95 (10068)

امام عبدالرزاق، سعید بن منصور، فریابی، ابن جریر، ابن ابی حاتم، عبد بن حمید، ابن منذر، ابن مردویہ، حاکم اور بیہقی رحمہم اللہ نے اسماء وصفات میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے یہ قول بیان کیا ہے کہ آسمان پھٹ جائے گا پھر سرخ ہو جائے گا پھر مرتبہ بہ مرتبہ (1)۔

امام عبد بن حمید، ابن منذر اور بیہقی رحمہم اللہ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس آیت کے تحت یہ قول بیان کیا ہے کہ آسمان پگھلی ہوئی دھات کی طرح رنگ بدلتا ہو جائے گا گلاب کے پھول کے رنگ کی طرح ہو جائے گا تو میلا اور گدلا ہو جائے گا اور پھٹ جائے گا۔ پس اس طرح وہ مختلف حالتوں سے گزرے گا۔

امام ابن ابی حاتم اور ابن منذر رحمہما اللہ نے حضرت مکحول رحمۃ اللہ علیہ سے لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ کے تحت قول بیان کیا ہے کہ تم ہر بیس سال میں ایسے امر پر ہو گے جس پر تم پہلے نہ تھے۔

امام ابن منذر نے حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے کہ ایک قوم جس کے معاملات دنیا میں انتہائی خسیس اور گھٹیا تھے وہ آخرت میں بلند ہو جائیں گے۔ اور ایک قوم جو دنیا میں بڑے معزز ومحترم تھی وہ آخرت میں پست ہو جائے گی۔

امام عبد بن حمید رحمہ اللہ نے حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے مذکورہ آیت کے تحت یہ قول بیان کیا ہے کہ تم ایک حال سے دوسرے حال کی طرف بڑھتے ہو۔ ایک دور میں انسان خوشحال تھا جب کہ پھر وہ آزمائش اور ابتلاء میں پڑ گیا۔ اور ایک انسان آزمائش میں تھا جب کہ وہ پھر خوشحال ہو گیا۔

امام ابو نعیم رحمہ اللہ نے الحلیہ میں حضرت مکحول رحمۃ اللہ علیہ سے یہ قول بیان کیا ہے: تم ہر بیس سال میں ایک ایسے حال پر ہو گے جس کی مثل حالت پر پہلے تم نہ تھے (2)۔

امام عبد بن حمید رحمہ اللہ نے ذکر کیا ہے کہ ابو العالیہ نے نصب کے ساتھ لَتَرْكَبُنَّ پڑھا ہے۔

عبد بن حمید نے ابو عمرو بن العلاء سے روایت کیا ہے کہ حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے لَتَرْكَبُنَّ نصب کے ساتھ پڑھا ہے۔

امام عبد بن حمید رحمہ اللہ نے ذکر کیا ہے کہ حضرت عاصم رحمۃ اللہ علیہ نے صیغہ جمع کی صورت میں لَتَرْكَبُنَّ یعنی باء کے ساتھ اور باء کے ضمہ کے ساتھ پڑھا ہے۔

امام ابن ابی حاتم اور ابن منذر رحمہما اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے کہ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُوعُونَ کا معنی ہے اللہ تعالیٰ اسے خوب جانتا ہے جسے وہ چھپاتے ہیں۔

امام عبدالرزاق رحمہ اللہ نے حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے یہ مفہوم نقل کیا ہے کہ بِمَا يُوعُونَ کا معنی ہے جسے وہ چھپاتے ہیں (3)۔ اور لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ کے بارے میں یہ بیان کیا ہے کہ بے حساب اجر ہے۔

1۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 30، صفحہ 409 (3558)، دار احیاء التراث العربی بیروت
2۔ حلیۃ الاولیاء، جلد 5، صفحہ 184، مطبوعہ السعادۃ مصر 3۔ تفسیر عبدالرزاق، زیر آیت ہذا، جلد 3، صفحہ 410 (3559)

[illegible]

پارہ 30 | سورۃ البروج 85 | رکوع 1

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے کہ سورۃ والسماء ذات البروج مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔(1)

امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ عشاء کی نماز میں سورۃ والسماء ذات البروج اور والسماء والطارق (الطارق: 1) پڑھتے تھے۔(2)

امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حکم فرمایا کہ عشاء کی نماز میں والسماء والطارق (الطارق: 1) اور والسماء ذات البروج پڑھا کریں۔(3)

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے ... امام ترمذی نے اس روایت کو حسن قرار دیا ہے، ... حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ ظہر اور عصر کی نماز میں والسماء والطارق (الطارق: 1) اور والسماء ذات البروج پڑھتے تھے۔(4)

امام سعید بن منصور رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو فرمایا کہ تم ان کے ساتھ عشاء کی نماز میں سبح اسم ربک الاعلیٰ (الاعلیٰ: 1)، واللیل اذا یغشیٰ (اللیل: 1) اور والسماء ذات البروج پڑھا کرو۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ۙ وَالْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ ۙ وَشَاهِدٍ وَّمَشْهُوْدٍ ۗ
قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ۙ النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ ۙ اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ ۙ
وَّهُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ شُهُوْدٌ ۗ وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ
يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۙ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضِ ۗ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۗ اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا
الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ

---

1. دلائل النبوۃ للبیہقی، باب ...، جلد 7، صفحہ 143، دار الکتب العلمیہ بیروت
2. مسند امام احمد، جلد 2، صفحہ 326، ... بیروت
3. ایضاً، جلد 2، صفحہ 327
4. ترمذی ...، جلد 2، صفحہ 109 (307)، دار الفکر بیروت

عَذَابُ الْحَرِيقِ ۝ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۚ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيرُ

[illegible]

[illegible] وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوجِ [illegible]

[illegible]

[illegible] وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوجِ [illegible] تَبَارَكَ الَّذِي جَعَلَ فِي السَّمَاءِ بُرُوجًا (الفرقان: 61) [illegible] (النبأ: 78) [illegible]

[illegible]

[illegible]

اور عبد بن حمید، ابن المنذر رحمہم اللہ نے حضرت [illegible] سے بیان کیا ہے کہ آپ نے وشاہد کا ب [illegible]
الْمَوْعُودِ کے متعلق [illegible] فرمایا کہ [illegible] سے [illegible] تحقیق کے ساتھ [illegible] کیا اور [illegible] (الخ) [illegible]
[illegible] وَالْيَوْمِ الْمَوْعُودِ سے مراد قیامت کا [illegible] شاہد سے مراد جمعہ [illegible] کا اور
مشہود سے مراد قیامت کا دن ہے

اور عبد بن حمید [illegible] رحمہم اللہ نے حضرت [illegible] سے بیان کیا ہے کہ ذَاتِ الْبُرُوجِ سے مراد
[illegible] شاہد و مشہود [illegible] شاہد سے مراد [illegible] (انسان) اور
مشہود سے مراد قیامت کا دن ہے۔(1)

[illegible] حضرت [illegible] وَالْيَوْمِ الْمَوْعُودِ وَشَاهِدٍ وَمَشْهُودٍ [illegible]
[illegible] کہ الْيَوْمِ الْمَوْعُودِ سے مراد قیامت ہے شاہد سے مراد [illegible] ہے اور مشہود سے مراد [illegible]
[illegible] جمعہ کا دن [illegible] اللہ تعالیٰ نے [illegible] کے دن [illegible]
ہے اور [illegible] اللہ تعالیٰ [illegible] کیے جانے
[illegible] ایک ساعت ہے [illegible] جمعہ [illegible]
[illegible] اللہ تعالیٰ [illegible] اللہ تعالیٰ اسے وہ عطا فرما دیتا ہے۔

امام احمد، عبد بن حمید، ترمذی، ابن ابی الدنیا نے [illegible] ابن جریر، ابن المنذر، ابن ابی حاتم [illegible] رحمہم اللہ
نے [illegible] حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ الْيَوْمِ الْمَوْعُودِ
قیامت کا دن ہے اور الیوم المشہود عرفہ کا دن ہے اور شاہد جمعہ کا دن ہے [illegible] سورج طلوع ہوتا ہے
[illegible] (یوم جمعہ) سے افضل ہے۔ اس میں ایک ایسی ساعت ہے جس میں کوئی بندہ مومن اللہ تعالیٰ سے جو
بھی خیر [illegible] اللہ تعالیٰ [illegible] کے حق میں [illegible] اللہ تعالیٰ اسے
[illegible] عطا فرما دیتا ہے۔(2)

حاکم [illegible] نے اس روایت کو صحیح قرار دیا ہے [illegible] حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً یہ حدیث
بیان کی ہے کہ شاہد سے مراد یوم جمعہ ہے [illegible] مشہود [illegible] الْيَوْمِ الْمَوْعُودِ [illegible] قیامت کا دن ہے۔(3)

امام ابن جریر [illegible] رحمہم اللہ نے حضرت [illegible] سے حضرت ابو مالک اشعری رضی
اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا الْيَوْمِ الْمَوْعُودِ سے مراد قیامت کا دن ہے شاہد سے مراد
جمعہ کا دن ہے۔ مشہود سے مراد عرفہ کا دن ہے [illegible] اللہ تعالیٰ [illegible]

1۔ تفسیر طبری، [illegible] جلد 30، صفحہ 156-157 [illegible]
2۔ [illegible] صفحہ 436 [illegible]
3۔ مستدرک حاکم، کتاب التفسیر، جلد 2، صفحہ 564 (3913) [illegible]

[illegible]

1. [illegible] 7 [illegible] 286 [illegible]
2. [illegible] 30 [illegible] 156 [illegible]
3. [illegible] 33 [illegible] 161
4. [illegible] 23 [illegible] 417 [illegible] 3504 [illegible]
5. [illegible] 32 [illegible] 150
6. [illegible] 7 [illegible] 237 [illegible] 1482 [illegible]
7. [illegible] 32 [illegible] 161

امام [illegible] بن منصور، ابن المنذر [illegible] نے حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ سے یہ قول نقل کیا ہے کہ [illegible] کے لوگ [illegible] اصحاب الاخدود [illegible] ہے۔(1)

[illegible] نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے یہ قول [illegible]

امام [illegible] ابن ابی حاتم [illegible] حضرت حسن [illegible] نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے کہ اصحاب الاخدود حبشہ کے رہنے والے تھے۔

امام ابن ابی حاتم [illegible] نے حضرت عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ سے بیان کیا ہے کہ اصحاب الاخدود نبطی تھے۔(2)

امام ابن جریر رحمہ اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ کے تحت یہ قول بیان کیا ہے کہ یہ بنی اسرائیل کے لوگ تھے جنہوں نے زمین میں خندقیں کھودیں۔ پھر ان میں آگ جلائی۔ پھر ان خندقوں پر مردوں اور عورتوں کو کھڑا کیا اور انہیں آگ میں ڈال دیا۔

امام عبد بن حمید اور ابن المنذر رحمہما اللہ نے حضرت [illegible] رحمۃ اللہ علیہ سے یہ قول بیان کیا ہے کہ الاخدود [illegible] نجران میں [illegible] جن میں وہ لوگوں کو عذاب دیتے تھے۔

امام [illegible] رحمہ اللہ نے حضرت عبد الرحمن [illegible] سے یہ قول بیان کیا ہے کہ [illegible] یمن [illegible] تھی۔

امام [illegible] رحمہ اللہ نے حضرت [illegible] سے قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ کے تحت یہ قول بیان کیا ہے کہ اس سے مراد وہ قوم ہے جنہوں نے زمین میں لمبا گڑھا کھودا۔ پھر اس میں آگ جلائی۔ پھر اہل اسلام کو [illegible] اور کہا: تم اللہ تعالیٰ کے ساتھ کفر کرو [illegible] ورنہ ہم تمہیں اس آگ میں پھینک دیں گے۔ لیکن انہوں نے کفر پر [illegible] چنانچہ انہیں آگ میں پھینک دیا گیا۔

امام عبد بن حمید اور ابن المنذر رحمہما اللہ نے حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ کے بارے بیان کیا ہے کہ ہمیں بتایا ہے کہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کہا کرتے تھے کہ یمن کے آس پاس [illegible] رہتے لوگ تھے۔ ان میں سے مومن اور کافر آپس میں لڑ پڑے۔ پھر مومن کفار پر غالب آ گئے۔ پھر انہوں نے آپس میں ایک دوسرے سے عہد لیا کہ کوئی بھی [illegible] خلاف [illegible] کفار نے ان کے ساتھ [illegible] کیا اور انہیں پکڑ لیا۔ پھر مومنین میں سے ایک آدمی نے کہا کیا تمہارے لیے کوئی خیر [illegible] ہے [illegible] پھر تم [illegible] کرو گے [illegible] تمہارے [illegible] بیان کر سکو گے۔ تو [illegible] آگ [illegible]

1 تفسیر [illegible] جلد 3، صفحہ 412 (3563) [illegible]

2 تفسیر [illegible] جلد 30، صفحہ 161 [illegible] 3 [illegible] جلد 30، صفحہ 162

[illegible] تو وہ ان پر شاہد ہوگئے یہاں تک کہ [illegible] ان کی قوم کی [illegible] سے [illegible] اور ان کے بارے [illegible] شاہد [illegible] قُتِلَ أَصْحَابُ الْأُخْدُودِ النَّارِ ذَاتِ الْوَقُودِ إِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُودٌ [illegible] وَهُمْ عَلَىٰ مَا يَفْعَلُونَ بِالْمُؤْمِنِينَ شُهُودٌ [illegible]

امام عبد بن حمید اور ابن منذر رحمہما اللہ نے حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے کہ إِنَّ الَّذِينَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ سے مراد وہ لوگ ہیں جنہوں نے مومن مردوں اور مومن عورتوں کو جلا دیا۔

امام عبد بن حمید، ابن منذر اور ابن ابی حاتم رحمہم اللہ نے حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے یہ قول بیان کیا ہے کہ [illegible] انہوں نے [illegible] دیا۔(1)

امام عبد بن حمید رحمہ اللہ نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے یہ قول بیان کیا ہے کہ ایک ظالم اور جابر حکمران تھا۔ اس نے [illegible] میں [illegible] آگ جلائی، پھر مومنوں کو اس پر پیش کیا۔ جو [illegible] اسے چھوڑ دیا [illegible] اور جو انکار کرتا اسے آگ میں پھینک دیا جاتا۔ یہاں تک کہ وہ ایک عورت کے پاس آیا اور اس کے ساتھ ایک شیر خوار بچہ بھی تھا تو اس عورت نے آگ میں کودنے سے گھبرائی۔ تو اس بچے نے [illegible] کہا: اے امی! آگ میں [illegible] چنانچہ اسے آگ میں پھینک دیا گیا۔ [illegible] حضرت حسن رضی اللہ عنہ [illegible] نے فرمایا: [illegible] سے [illegible] ہے۔

امام ابن مردویہ رحمہ اللہ نے حضرت عبد اللہ بن نجی رحمۃ اللہ علیہ سے یہ روایت بیان کی ہے کہ [illegible] حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر تھا۔ آپ کے پاس نجران کا ایک بشپ آیا تو آپ نے اس سے اصحاب اخدود کے بارے پوچھا تو اس نے ایک واقعہ آپ کے سامنے بیان کیا۔ تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں ان کے بارے تجھ سے زیادہ [illegible] پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّن قَبْلِكَ مِنْهُم مَّن قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُم مَّن لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ (غافر: 78) (اور ہم نے بھیجے ہیں بہت سے رسول آپ سے پہلے بھی، ان میں سے [illegible] اور ان میں سے [illegible] (قرآن کریم میں) آپ [illegible]) [illegible] پھر [illegible] جنگ شروع ہوگئی اور [illegible] قتل [illegible] ان لوگوں (کفار) نے [illegible] خندق کھودی [illegible] آگ جلا دی اور [illegible] لوگوں کو اس پر پیش کرنے لگے [illegible] جس کی

1۔ تفسیر طبری [illegible] جلد 30، صفحہ 167 [illegible]

—ان کی ... بات ... آگ میں پھینک دیا گیا اور جس نے انکار ... سے چھوڑ دیا گیا۔ آخر میں ایک عورت آئی اور اس کے ساتھ اس کا شیر خوار بچہ بھی تھا۔ وہ عورت پیچھے ہٹنے لگی تو اس کے بچے نے کہا — ... ... پس وہ اس میں کود گئی۔

امام عبد بن حمید رحمہ اللہ نے حضرت ... سے روایت کیا ہے کہ ... [illegible] ... کے ... آپ نے فرمایا ... ... سے مروی ہیں۔

امام عبد بن حمید رحمہ اللہ نے ... روایت کیا ہے کہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مجوسی (آتش پرست) اہل کتاب تھے وہ اپنی کتاب کے ساتھ چمٹے رہے اور ان کے لیے شراب حلال ہو گئی۔ پس ان کے بادشاہوں میں سے کسی بادشاہ نے شراب پی اور وہ اس کی عقل پر غالب آ گئی۔ پس اس نے اپنی بہن یا اپنی بیٹی کو پکڑا اور اس کے ساتھ بدکاری کا ارتکاب کیا اور جب اس کا نشہ اتر گیا ... اور شرمندہ ہوا اور اس نے کہا میری ہلاکت ... یہ کیسے مجھ پہ آ گیا ہے؟ اور اس سے نکلنے کا راستہ کیا ہے؟ تو اس نے جواب دیا ... یہ ہے کہ تو لوگوں کو خطبہ دے اور کہے: اے لوگو! بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے بیٹیوں اور بہنوں سے نکاح حلال قرار دیا ہے۔ جب وہ اس حال میں لوگوں کے جمع ہونے کے ... (یعنی ...) ... ... خطبہ ... ... دینے کے لیے کھڑا ہوا اور کہا: اے لوگو! اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے بہنوں یا بیٹیوں سے نکاح حلال کر دیے ہیں۔ تو لوگوں کی ایک جماعت نے کہا: معاذ اللہ! ہم اس کے ساتھ ایمان لائیں یا اس کا اقرار کریں۔ یہاں تک کہ یہ پیغام لے کر آئے ... ہم پر کسی کتاب میں یہ حکم نازل ہوا۔ ... وہ اپنی بیوی کی طرف لوٹ گیا ... تیری ہلاکت ہو! لوگوں نے تو میرا حکم ماننے سے انکار کر دیا ہے۔ اس نے کہا: جب ... ... ان میں سے ان میں ... تو ... پس اس نے ایسا ہی کیا۔ ... لوگوں نے اس کا اقرار کرنے سے بھی انکار کر دیا۔ پھر وہ اس کی طرف لوٹ ... تو ... نے ان میں کوڑا بھی چلا دیا ہے۔ لیکن لوگوں نے میرے حکم ماننے سے انکار کر دیا ہے تو اس نے کہا تو ان میں تلوار چلا (یعنی انہیں قتل کر دے)۔ ... اس نے تلوار بھی چلائی لیکن لوگوں نے ... سے انکار ہی کیا۔ پھر اس نے کہا: ان کے لیے کھائیاں کھود پھر ان میں آگ جلا دے۔ پس جو تیری پیروی کرے اسے چھوڑ دے۔ چنانچہ اس نے کھائیاں کھودیں اور ان میں آگ جلائی اور اپنی رعایا کو اس پر پیش کیا۔ پس جس کسی نے انکار کیا اسے آگ میں پھینک دیا۔ اور جس نے اقرار کیا اسے چھوڑ دیا۔ پس اللہ تعالیٰ نے ان کے بارے میں یہ آیات نازل فرمائیں: قُتِلَ أَصْحَابُ الْأُخْدُودِ ۝ النَّارِ ذَاتِ الْوَقُودِ ۝ إِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُودٌ ۝ وَهُمْ عَلَىٰ مَا يَفْعَلُونَ بِالْمُؤْمِنِينَ شُهُودٌ ۝ وَمَا نَقَمُوا مِنْهُمْ إِلَّا أَن يُؤْمِنُوا بِاللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَمِيدِ ۝ الَّذِي لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ ۝ إِنَّ الَّذِينَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوبُوا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيقِ۔

امام ابن ابی شیبہ رحمہ اللہ نے حضرت ... رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب اصحاب اخدود کا ذکر

لے گئے تھے تو باقی اہل ایمان شدت سے خندقوں سے بچ نکلے تھے۔

امام احمد، مسلم، ابن ابی شیبہ، عبد بن حمید، مسلم، نسائی اور ترمذی رحمہم اللہ نے حضرت صہیب رضی اللہ عنہ سے یہ قول بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب عصر کی نماز پڑھتے تو کچھ گنگناتے۔ آپ سے عرض کی گئی تو آپ نے فرمایا: انبیاء میں سے ایک نبی کو اپنی امت کی کثرت پر تعجب ہوا، اس نے کہا ان کے مقابلہ میں کون کھڑا ہو سکتا ہے؟ اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی کی کہ آپ اپنی قوم کو اختیار دے دیں کہ یا تو ان سے ان کے دشمن کو ان پر مسلط کر دیا جائے گا یا موت۔ پس انہوں نے موت کو اختیار کیا تو ایک ہی دن میں ان میں سے ستر ہزار فوت ہو گئے۔ راوی کا بیان ہے کہ ایک دوسری حدیث میں اس طرح بیان ہوتی ہے کہ ایک بادشاہ تھا، اس کا ایک کاہن تھا۔ جب وہ بوڑھا ہو گیا تو اس کاہن نے بادشاہ سے کہا: میرے پاس ایک ذہین لڑکا بھیج دیا جائے تاکہ میں اسے اپنا علم سکھا دوں، کیونکہ مجھے یہ ڈر ہے کہ میں مر جاؤں گا تو یہ علم تم سے منقطع ہو جائے گا اور تم میں کوئی اس کا جاننے والا نہ ہوگا۔ راوی کا بیان ہے کہ انہوں نے اس کام کے لیے ایک لڑکے کو تلاش کیا اور اسے حکم دیا کہ وہ اس کاہن کے پاس حاضر ہوا کرے اور اس سے علم سیکھا کرے۔ چنانچہ وہ بچہ اس کے پاس آنے جانے لگا۔ اس بچے کے راستے میں ایک راہب گرجے میں رہتا تھا۔ وہ بچہ جب بھی وہاں سے گزرتا تو اس راہب سے بھی کچھ پوچھتا۔ یہاں تک کہ راہب نے اسے بتایا اور کہا کہ میں تو اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہوں۔ بچہ روزانہ اس راہب کے پاس بیٹھنے لگا اور کاہن کے پاس دیر سے پہنچنے لگا۔ کاہن نے اس کے گھر والوں کی طرف پیغام بھیجا کہ قریب ہی ہے کہ یہ بچہ میرے پاس حاضر نہ ہوا کرے۔ تو بچے نے اس کے بارے میں راہب کو خبر دی۔ تو راہب نے اسے کہا: جب کاہن تجھ سے کہے کہ کہاں تھا؟ تو اسے کہہ دینا کہ اپنے گھر والوں کے پاس تھا، اور جب گھر والے تجھ سے کہیں کہاں تھا؟ تو کہنا کاہن کے پاس تھا۔ وہ بچہ اسی کیفیت میں تھا کہ ایک دن وہ لوگوں کی ایک جماعت کے پاس سے گزرا جنہیں ایک جانور نے روک رکھا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ وہ شیر تھا۔ پس اس بچے نے ایک پتھر اٹھایا اور کہا: اے اللہ! جو راہب کہتا ہے اگر وہ حق ہے تو میں تجھ سے التجا کرتا ہوں کہ اس جانور کو ہلاک کر دے اور اگر وہ حق ہے جو کاہن کہتا ہے تو پھر اسے ہلاک نہ کر۔ پھر اس نے وہ پتھر اس جانور کو دے مارا تو اس نے اسے مار دیا۔ تو لوگوں نے پوچھا کہ یہ کس نے کیا ہے؟ انہوں نے کہا: اس بچے نے۔ پس لوگ گھبرا گئے اور انہوں نے کہا: یہ بچہ ایسا علم جانتا ہے جو کوئی اور نہیں جانتا۔ پس اندھے نے یہ سنا تو وہ اس کے پاس آیا اور اسے کہا: اگر تو میری بصارت واپس لوٹا دے تو تیرے لیے یہ اور یہ ہوگا۔ تو اس بچے نے کہا: میں تجھ سے اس طرح کی کوئی خواہش نہیں کرتا، لیکن اگر تیری بصارت تجھے لوٹ آئے تو کیا تو اس ذات پر ایمان لائے گا جس نے تجھے بصارت لوٹائی ہے؟ اس نے کہا: ہاں۔ پس اس بچے نے اللہ سے دعا کی تو اللہ تعالیٰ نے اس کی بصارت لوٹا دی۔ پس وہ اندھا ایمان لے آیا۔ پھر اس کی خبر بادشاہ

[illegible]

[illegible] چنانچہ [illegible] پہاڑ [illegible] مسلسل اسے پہاڑ سے گرانے لگے [illegible] یہاں تک کہ اس بچے کے سوا سب گر گئے [illegible] بادشاہ کے پاس [illegible] سمندر کی طرف لے گئے [illegible] چنانچہ بچے کو [illegible] کی طرف لے جایا گیا [illegible] بسم اللہ رب الغلام [illegible] اس بچے کا رب ہے [illegible] بسم اللہ رب الغلام [illegible] اس بچے نے ایسا علم حاصل کیا جو کسی اور نے حاصل نہیں کیا [illegible] اس بچے کے رب کے ساتھ ایمان لائے [illegible] پھر ان میں آگ جلائی گئی [illegible] قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ۙ النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ ۙ اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ ۙ وَّهُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ شُهُوْدٌ ؕ وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّاۤ اَنْ يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۙ [illegible] حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ [illegible] (1)

امام مسلم [illegible] حضرت صہیب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم سے پہلے ایک بادشاہ تھا، اس کا ایک جادوگر تھا۔ جب وہ جادوگر بوڑھا ہو گیا تو اس نے بادشاہ سے کہا [illegible] ایک لڑکا [illegible] تاکہ میں اسے جادو سکھا دوں۔ چنانچہ بادشاہ نے [illegible] ایک راہب تھا [illegible] وہ بچہ اس راہب کے پاس [illegible] اور اس کے کلام [illegible] جب وہ جادوگر کے پاس آتا [illegible] اور جب وہ اپنے گھر کی طرف آتا [illegible] راہب کے پاس

(1) [illegible] 3005/73 [illegible]

[illegible]

إِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيدٌ ۝ إِنَّهُ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيدُ ۝ وَهُوَ الْغَفُورُ الْوَدُودُ ۝ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيدُ ۝ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيدُ ۝ هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْجُنُودِ ۝ فِرْعَوْنَ وَثَمُودَ ۝ بَلِ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي تَكْذِيبٍ ۝ وَاللَّهُ مِن وَرَائِهِم مُّحِيطٌ ۝ بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَّجِيدٌ ۝ فِي لَوْحٍ مَّحْفُوظٍ ۝

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] (1)

[illegible]

[illegible]

امام ابو الشیخ رحمہ اللہ نے حضرت [illegible] سے بیان کیا ہے کہ وهُوَ الْغَفُورُ الْوَدُودُ کے تحت [illegible]

امام ابن جریر، ابن منذر [illegible] حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے کہ الْوَدُودُ کا [illegible] ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيدُ [illegible] (3)

[illegible] بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَّجِيدٌ فِي لَوْحٍ مَّحْفُوظٍ (4)

[illegible] لَوْحٍ مَّحْفُوظٍ [illegible]

[illegible] حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما [illegible]

[illegible]

امام عبد بن حمید [illegible] حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ [illegible]

[illegible]

[illegible]

1۔ [illegible] جلد 2، صفحہ 1564 (3915) [illegible]

[illegible] 30، صفحہ 159 — 4۔ [illegible] 30، صفحہ 177

امام ابن منذر رحمہ اللہ نے حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ سے یہ قول نقل کیا ہے کہ وہ قرآن ایک ورق میں لکھا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے یعنی ام الکتاب ہے۔

امام ابو الشیخ رحمہ اللہ نے العظمہ میں سند جید کے ساتھ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے لوح محفوظ کو پیدا فرمایا، اس کی دو جانبیں ایک سو سال کی مسافت پر مشتمل تھیں۔ پھر اس نے قلم کو مخلوق کو پیدا کرنے سے پہلے فرمایا میری مخلوق کے بارے میں میرا علم لکھ، تو اس نے قیامت تک ہونے والا سب کچھ لکھ دیا۔

امام ابن ابی الدنیا نے مکارم الاخلاق میں، بیہقی نے الشعب میں، ابو الشیخ نے العظمہ میں اور ابن مردویہ رحمہم اللہ نے ضعیف سند سے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ کی لوح زبرجد کی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اسے عرش کے نیچے لٹکایا ہوا ہے، اس میں لکھا ہے۔ اِنَّنِیْۤ اَنَا اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا (طہ:14) یقیناً میں ہی اللہ ہوں، میرے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں نے تین سو دس سے کچھ زائد شریعتوں (خصلتوں کی) مخلوق پیدا فرمائی ان میں سے جس مخلوق نے بھی یہ شہادت دی لا الٰہ الا اللہ وحدہ تو وہ جنت میں داخل ہوگی۔(1)

امام عبد بن حمید نے مسند میں اور ابو یعلیٰ رحمہما اللہ نے سند ضعیف کے ساتھ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بے شک رحمن تبارک وتعالیٰ کے سامنے ایک لوح ہے جس میں تین سو پندرہ شریعتیں ہیں۔ وہ رحمن فرماتا ہے مجھے میری عزت وجلال کی قسم! میرے بندوں میں سے جو بندہ بھی میرے پاس آئے گا کہ وہ میرے ساتھ کسی شے کو شریک نہیں ٹھہراتا ہوگا اور تم میں سے کوئی ایک اس میں سے ہوگی تو میں اسے جنت میں داخل کروں گا۔(2)

امام ابو الشیخ رحمہ اللہ نے العظمہ میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ کی ایک انجیل جو صورت لوح ہے۔ اس کا ایک جانب یاقوت کی ہے اور دوسری سبز زبرجد کی ہے۔ اس کا قلم نور کا ہے۔ اس میں وہ پیدا کرتا ہے، اس میں وہ رزق دیتا ہے، اس میں وہ زندہ کرتا ہے، اس میں وہ مارتا ہے، اس میں عزت عطا کرتا ہے، اس میں ذلیل کرتا ہے اور جو چاہتا ہے وہی کرتا ہے۔

امام ابو الشیخ اور ابن مردویہ رحمہما اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے ایک سفید موتی سے لوح پیدا کی ہے۔ اس کی دونوں طرفیں سرخ زبرجد کی ہیں۔ اس کی کتابت نور ہے۔ وہ ہر روز تین سو ساٹھ مرتبہ اس کی طرف دیکھتا ہے، پیدا کرتا ہے، رزق دیتا ہے، زندہ کرتا ہے، مارتا ہے، عزت دیتا ہے، ذلت دیتا ہے اور جو چاہتا ہے وہی کرتا ہے۔

1۔ شعب الایمان، باب فی تعدید نعم اللہ، جلد 1، صفحہ 8547/385، دار الکتب العلمیہ بیروت

2۔ مسند ابو یعلیٰ، جلد 1، صفحہ 554 (1309)، دار الکتب العلمیہ بیروت

سورۂ طارق

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحمت والا ہے۔

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۙ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ۙ النَّجْمُ الثَّاقِبُ ۙ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْهَا حَافِظٌ ؕ فَلْیَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ؕ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ۙ یَّخْرُجُ مِنْۢ بَیْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآىٕبِ ؕ اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ؕ یَوْمَ تُبْلَى السَّرَآىٕرُ ۙ فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ؕ

آسمان کی اور رات کو آنے والے کی قسم۔ اور تجھے کیا معلوم کہ رات کو آنے والا کیا ہے؟ وہ خوب چمکنے والا ستارہ ہے۔ کوئی جان نہیں جس پر نگہبان نہ ہو۔ تو آدمی کو غور کرنا چاہیے کہ وہ کس چیز سے بنایا گیا؟ اچھلتے پانی سے پیدا کیا گیا۔ جو پیٹھ اور سینوں کے درمیان سے نکلتا ہے۔ بیشک اللہ اس کے واپس کرنے پر ضرور قادر ہے۔ جس دن چھپی باتوں کی جانچ پڑتال ہوگی۔ تو آدمی کے پاس نہ کچھ زور ہوگا اور نہ کوئی مددگار۔

امام ابن مردویہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ سورۂ وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔(1)

امام احمد اور امام بخاری نے تاریخ میں اور امام طبرانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم نے حضرت خالد عدوانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ثقیف کے بازار میں دیکھا کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کمان یا عصا پر ٹیک لگائے کھڑے تھے، اس وقت آپ ان کے پاس مدد طلب کرنے کے لئے تشریف لے گئے تھے، تو میں نے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو سورۂ وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ پوری سورت پڑھتے ہوئے سنا، میں نے زمانۂ جاہلیت میں یہ سورت یاد کی، پھر زمانۂ اسلام میں یہ سورت پڑھی۔(2)

امام نسائی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مغرب کی نماز پڑھائی اور اس میں سورۂ بقرہ یا سورۂ نساء پڑھی تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے معاذ! کیا تم فتنہ پرور ہو؟ کیا تمہارے لئے یہ کافی نہیں تھا کہ تم وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ اور وَالشَّمْسِ وَضُحٰىهَا (جیسی سورتیں) پڑھ لیتے۔(3)

---

1 در منثور، سورۃ الطارق، 8/473 ... جلد 7 ... 43 ... سورۃ الطارق

2 مسند امام احمد، 4/125، 137 ... الحدیث ...

3 نسائی ... صفحہ 163 ...

امام ابن جریر، طبرانی نے الاوسط میں، ابو نعیم رحمہم اللہ نے دلائل میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ قول نقل کیا ہے کہ ابو جہل نے کہا: اگر محمد (ﷺ) مقام ابراہیم کے پاس نماز پڑھتے ہوئے دیکھوں تو میں یقیناً انہیں قتل کر دوں گا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل فرمائیں: اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ ۚ خَلَقَ الْإِنسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۚ اقْرَأْ وَرَبُّكَ الْأَكْرَمُ ۚ الَّذِي عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۚ عَلَّمَ الْإِنسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ۚ كَلَّا إِنَّ الْإِنسَانَ لَيَطْغَىٰ ۚ أَن رَّآهُ اسْتَغْنَىٰ ۚ إِنَّ إِلَىٰ رَبِّكَ الرُّجْعَىٰ ۚ أَرَأَيْتَ الَّذِي يَنْهَىٰ ۚ عَبْدًا إِذَا صَلَّىٰ ۚ أَرَأَيْتَ إِن كَانَ عَلَى الْهُدَىٰ ۚ أَوْ أَمَرَ بِالتَّقْوَىٰ ۚ أَرَأَيْتَ إِن كَذَّبَ وَتَوَلَّىٰ ۚ أَلَمْ يَعْلَم بِأَنَّ اللَّهَ يَرَىٰ ۚ كَلَّا لَئِن لَّمْ يَنتَهِ لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ ۚ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ۚ فَلْيَدْعُ نَادِيَهُ ۚ سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ۔ پس حضور نبی کریم ﷺ مقام ابراہیم کے پاس نماز پڑھنے کے لیے تشریف لائے تو کہا گیا یہ آپ ہیں تو وہ کہنے لگا کہ میرے اور ان کے درمیان پردہ حائل کر دیا گیا ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: قسم بخدا اگر وہ حرکت کرتا تو یقیناً فرشتے اسے پکڑ لیتے اور لوگ اس کی طرف دیکھ رہے ہوتے (1)۔

امام احمد، طبرانی، حاکم اور آپ نے اس روایت کو صحیح قرار دیا ہے، ابن مردویہ، ابو نعیم اور بیہقی رحمہم اللہ نے حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ سے یہ قول بیان کیا ہے کہ میں ایک دن مسجد میں تھا تو ابو جہل آیا اور اس نے کہا: اللہ کی قسم اگر میں نے محمد ﷺ کو سجدہ کرتے ہوئے دیکھا تو میں یقیناً اس کی گردن کو روند دوں گا۔ پھر میں رسول اللہ ﷺ کی طرف نکلا یہاں تک کہ میں آپ کے پاس پہنچ گیا اور آپ کو ابو جہل کے قول سے مطلع کیا تو آپ ﷺ غضب ناک ہو کر نکلے یہاں تک کہ آپ مسجد تک پہنچ گئے اور بڑی عجلت کے ساتھ دروازے سے داخل ہوئے تو دیوار کے ساتھ جا لگے تو میں نے کہا: آج یوم شر ہے۔ چنانچہ میں نے کپڑے پہنے اور پھر آپ کے پیچھے چل پڑا، پس رسول اللہ ﷺ یہ پڑھتے ہوئے داخل ہوئے: اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ پس جب آپ اس سورت میں ابو جہل کی شان والے حصہ پر پہنچے: كَلَّا إِنَّ الْإِنسَانَ لَيَطْغَىٰ کسی نے ابو جہل سے کہا: اے ابا الحکم! یہ محمد ﷺ ہیں۔ تو ابو جہل نے جواب دیا: کیا تم وہ نہیں دیکھ رہے جو میں دیکھ رہا ہوں، قسم بخدا مجھ پر آسمان کے افق کو بند کر دیا گیا ہے۔ اور جب رسول اللہ ﷺ سورت کے آخر میں پہنچے تو آپ نے سجدہ کیا (2)۔

امام احمد، مسلم، نسائی، ابن جریر، ابن منذر، ابن مردویہ، ابو نعیم اور بیہقی رحمہم اللہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ ابو جہل نے کہا: کیا محمد (ﷺ) تمہارے درمیان اپنے چہرے کو خاک آلود کرتے ہیں؟ تو انہوں نے جواب دیا ہاں۔ تو ابو جہل نے کہا: لات و عزیٰ کی قسم! اگر میں نے انہیں اس طرح نماز پڑھتے ہوئے دیکھ لیا تو میں یقیناً آپ کی گردن روند ڈالوں گا اور ان کے چہرے کو خاک آلود کر دوں گا۔ چنانچہ وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور آپ نماز پڑھ رہے تھے کہ وہ آپ کی گردن کو روند دے۔ لیکن جلدی انہوں نے اسے دیکھا کہ وہ اپنے پاؤں واپس لوٹ رہا ہے اور اپنے ہاتھوں

1۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 30، صفحہ 320، داراحیاء التراث العربی بیروت

2۔ مجمع الزوائد، جلد 8، صفحہ 416، حدیث 13871، دار الفکر بیروت

کے ساتھ نماز پڑھ رہا تھا [illegible] نبی کریم ﷺ کے درمیان [illegible] رسول اللہ ﷺ نے فرمایا [illegible] ابو جہل [illegible] اِنَّ الْاِنْسَانَ لَیَطْغٰۤی [illegible] فَلْیَدْعُ نَادِیَهٗ [illegible] سَنَدْعُ الزَّبَانِیَةَ [illegible] (1)

امام ابن مردویہ رحمہ اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت بیان کی ہے کہ اَرَءَیْتَ الَّذِیْ یَنْهٰى عَبْدًا اِذَا صَلّٰى [illegible] ابو جہل [illegible] نبی کریم ﷺ [illegible] سجدہ [illegible]

امام عبد الرزاق، عبد بن حمید [illegible] نے حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے اسی طرح تفسیر بیان کی ہے: اَرَءَیْتَ الَّذِیْ یَنْهٰى عَبْدًا اِذَا صَلّٰى [illegible] ابو جہل کے [illegible] اَرَءَیْتَ اِنْ كَانَ عَلَى الْهُدٰۤى اَوْ اَمَرَ بِالتَّقْوٰى [illegible] حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ [illegible] اَرَءَیْتَ اِنْ كَذَّبَ وَ تَوَلّٰى [illegible] ابو جہل [illegible] فَلْیَدْعُ نَادِیَهٗ [illegible] سَنَدْعُ الزَّبَانِیَةَ [illegible] فرشتوں [illegible] (2)

امام فریابی، عبد بن حمید، ابن منذر، ابن ابی حاتم رحمہم اللہ نے حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے اَرَءَیْتَ الَّذِیْ یَنْهٰى عَبْدًا اِذَا صَلّٰى کے تحت نقل کیا ہے کہ [illegible] ابو جہل نے حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ [illegible] فَلْیَدْعُ نَادِیَهٗ [illegible] سَنَدْعُ الزَّبَانِیَةَ [illegible] (3)

امام ابن منذر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت نقل کی ہے کہ لَنَسْفَعًا کا معنی ہے ہم ضرور پکڑیں گے۔

امام ابن ابی حاتم رحمہ اللہ نے حضرت عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ سے بھی اسی طرح بیان کیا ہے۔

امام ابن جریر رحمہ اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے [illegible] ابن منذر [illegible] ابن ابی حاتم نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے [illegible] (4)

امام ابن ابی حاتم [illegible] حضرت [illegible] رضی اللہ عنہ [illegible] لَنَسْفَعًا [illegible] وَ اسْجُدْ وَ اقْتَرِبْ [illegible]

1۔ تفسیر طبری [illegible] جلد 30، صفحہ 31 [illegible] داراحیاء التراث العربی بیروت
2۔ ایضاً، جلد 30، صفحہ 306
3۔ تفسیر [illegible] جلد 3، صفحہ 443 [illegible] دار الکتب العلمیہ بیروت
4۔ تفسیر طبری [illegible] جلد 30، صفحہ 211

[illegible] رب کے سب سے زیادہ قریب اس وقت ہوتا ہے جب وہ سجدہ [illegible] اللہ تعالیٰ [illegible] وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ [illegible] (1)۔

[illegible] مجھے [illegible] اور قرآن کریم میں اس کے بعد [illegible] کی قراءت کرو۔

1۔ [illegible]، جلد 3، صفحہ 344 (1051)، [illegible]

آیاتها ٥ — سورۃ القدر مکیۃ ٩٧ — رکوعها ١

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بے حد مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے۔

إِنَّآ أَنزَلْنَٰهُ فِى لَيْلَةِ ٱلْقَدْرِ ﴿١﴾ وَمَآ أَدْرَىٰكَ مَا لَيْلَةُ ٱلْقَدْرِ ﴿٢﴾ لَيْلَةُ
ٱلْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ ﴿٣﴾ تَنَزَّلُ ٱلْمَلَٰٓئِكَةُ وَٱلرُّوحُ فِيهَا بِإِذْنِ
رَبِّهِم مِّن كُلِّ أَمْرٍ ﴿٤﴾ سَلَٰمٌ هِىَ حَتَّىٰ مَطْلَعِ ٱلْفَجْرِ ﴿٥﴾

"بے شک ہم نے اتارا ہے اس (قرآن) کو شب قدر میں۔ اور آپ کیا جانتے ہیں کہ شب قدر کیا ہے۔ شب قدر بہتر ہے ہزار مہینوں سے۔ اترتے ہیں فرشتے اور روح (القدس) اس میں اپنے رب کے حکم سے ہر (کام) کے لیے۔ یہ (رات) سراسر سلامتی ہے۔ یہ رہتی ہے طلوع فجر تک۔"

ابن مردویہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے کہ سورۃ إِنَّآ أَنزَلْنَٰهُ فِى لَيْلَةِ ٱلْقَدْرِ مدینہ طیبہ میں نازل ہوئی۔

امام ابن مردویہ نے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے بھی اسی طرح بیان کیا ہے۔

امام سعید بن منصور، ابن جریر، ابن منذر، ابن ابی حاتم اور آپ نے اس روایت کو صحیح قرار دیا ہے، ابن مردویہ اور بیہقی رحمہم اللہ نے دلائل میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے کہ انہوں نے إِنَّآ أَنزَلْنَٰهُ فِى لَيْلَةِ ٱلْقَدْرِ کے تحت کہا کہ سارا قرآن کریم اکٹھا ہی شب قدر میں لوح محفوظ سے نازل کیا گیا ہے اور بیت العزۃ میں رکھ دیا گیا۔ پھر بندوں کے کلام اور ان کے افعال کے مطابق جبرئیل علیہ السلام اسے لے کر حضور نبی کریم ﷺ پر نازل کرتے رہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے۔

امام عبد بن حمید رحمہ اللہ نے حضرت شعبی رضی اللہ عنہ سے یہ قول بیان کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سارا قرآن کریم لیلۃ القدر میں نازل فرمایا۔ لَيْلَةُ ٱلْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ فرمایا شب قدر ہزار مہینوں کے عمل سے بہتر ہے۔

امام عبدالرزاق، سعید بن منصور، ابن جریر، محمد بن نصر، ابن منذر، ابن ابی حاتم اور بیہقی رحمہم اللہ نے شعب الایمان میں حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے بیان کیا ہے کہ لیلۃ القدر سے مراد لیلۃ الحکم (یعنی فیصلوں والی رات) ہے (1)

امام ابن جریر رحمہ اللہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے کہ لیلۃ القدر میں عمل، صدقہ اور زکوٰۃ ہزار مہینوں کے اعمال سے افضل ہے۔

امام ابن جریر رحمہ اللہ نے حضرت عمرو بن قیس ملائی رحمہ اللہ سے بیان کیا ہے کہ لَيْلَةُ ٱلْقَدْرِ میں عمل کیا جانے والا عمل ہزار مہینوں کے عمل سے بہتر ہے۔ (2)

1۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 30، صفحہ 325، مطبوعہ ... 2۔ ایضاً، جلد 30، صفحہ 314

امام عبد الرزاق، عبد بن حمید، ابن جریر، محمد بن نصر اور ابن منذر نے حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے یہ تفسیر بیان کی ہے: لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۙ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ (القدر) شب قدر ان ہزار مہینوں سے بہتر ہے جن میں شب قدر نہ ہو۔ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ (القدر) اس رات وہ سارے فیصلے کیے جاتے ہیں جو تمام اگلے سال تک جاری ہوتے ہیں (1)۔ سَلٰمٌ ۛ ہِیَ مراد یہ ہے کہ یہ ساری کی ساری برکت اور خیر ہے۔ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ یعنی طلوع فجر تک ہوتا ہے۔

امام مالک نے الموطا میں اور بیہقی رحمہما اللہ نے شعب الایمان میں حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے کہ ان تک یہ خبر پہنچی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو آپ سے پہلے لوگوں کی عمریں دکھائی گئیں یا ان میں سے جو اللہ تعالیٰ نے چاہا۔ تو آپ ﷺ نے اپنی امت کی عمروں کو بہت کم محسوس کیا کہ وہ عمل کے لحاظ سے وہاں تک نہیں پہنچ سکیں گے جہاں تک دوسرے لوگ اپنی طویل عمروں کے سبب پہنچے۔ تو اللہ تعالیٰ نے آپ کو شب قدر عطا فرمائی جو ہزار مہینے سے بہتر ہے (2)۔

امام ابن جریر رحمہ اللہ نے حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے یہ قول بیان کیا ہے کہ بنی اسرائیل میں ایک آدمی تھا جو رات کو قیام کرتا تھا یہاں تک کہ صبح ہو جاتی۔ پھر وہ دن کے وقت دشمنوں کے خلاف مسلسل جہاد کرتا یہاں تک کہ شام ہو جاتی اور اس نے یہ عمل ہزار مہینے تک کیا۔ تو اللہ تعالیٰ نے یہ سورت نازل فرمائی: لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۙ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ کہ اس ایک رات کا قیام اس آدمی کے ہزار مہینے کے عمل سے بہتر ہے (3)۔

امام ابن منذر، ابن ابی حاتم اور بیہقی رحمہم اللہ نے سنن میں حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے روایت بیان کی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے بنی اسرائیل کے ایک آدمی کا ذکر فرمایا جس نے ایک ہزار مہینے تک اللہ تعالیٰ کے راستے میں ہتھیار پہنے رکھے۔ تو مسلمان یہ سن کر انتہائی متعجب ہوئے۔ تو اللہ تعالیٰ نے یہ سورت نازل فرمائی کہ ایک شب قدر کا عمل ان ہزار مہینوں سے بہتر ہے جن میں اس آدمی نے فی سبیل اللہ ہتھیار اٹھائے رکھے (4)۔

امام ابن ابی حاتم رحمہ اللہ نے حضرت علی بن عروہ رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ نے بنی اسرائیل کے چار آدمیوں کا تذکرہ کیا جنہوں نے اسی برس تک اللہ تعالیٰ کی عبادت کی اور آنکھ جھپکنے کی دیر بھی اس کی نافرمانی نہیں کی۔ اور وہ حضرت ایوب، حضرت زکریا، حضرت حزقیل بن عجوز اور حضرت یوشع بن نون علیہم السلام ہیں۔ آپ ﷺ کے صحابہ کرام اس پر انتہائی متعجب ہوئے۔ تو حضرت جبرئیل علیہ السلام آپ کے پاس آئے اور کہا: اے محمد ﷺ! آپ کی امت نے اسی برس تک ان لوگوں کے عبادت کرنے پر انتہائی تعجب کیا ہے۔ تحقیق اللہ تعالیٰ نے اس سے بہتر اور افضل شے نازل فرمائی ہے۔ پھر انہوں نے یہ آیات پڑھیں: اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۚ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۙ لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۙ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ۔ یہ اس سے بھی افضل ہے جس پر آپ نے اور آپ کی امت نے اظہار تعجب کیا ہے۔ تو رسول

1۔ تفسیر عبد الرزاق، زیر آیت ہذا، جلد 3، صفحہ 445 (3662)، دار الکتب العلمیہ بیروت
2۔ موطا امام مالک، صفحہ 250 ...
3۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 30، صفحہ 314، داراحیاء التراث العربی بیروت
4۔ سنن کبریٰ از بیہقی، جلد 4، صفحہ 306، دار الفکر بیروت

حضور ﷺ آپ سے اس وقت کی تمنا فرما کر خوش ہو گئے۔

امام خطیب رحمۃ اللہ علیہ نے تاریخ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے قول روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے منبر پر بنی امیہ کو دیکھا تو اس نے آپ کو غمگین کر دیا تو اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف وحی فرمائی کہ یہ بادشاہت ہے جو انہیں ملے گی اور پھر ساتھ ہی یہ سورت نازل ہوئی۔

امام خطیب نے حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ سے یہ روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: مجھے دکھایا گیا کہ بنو امیہ میرے منبر پر چڑھ رہے ہیں تو یہ بات مجھ پر گراں گزری تو اللہ تعالیٰ نے سورۃ القدر نازل فرمائی۔

امام ترمذی اور آپ نے اس روایت کو ضعیف قرار دیا ہے، ابن جریر طبرانی، ابن مردویہ اور بیہقی رحمہم اللہ نے دلائل میں یوسف بن مازن ... سے یہ قول بیان کیا ہے کہ حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی بیعت کر لینے کے بعد ایک آدمی اٹھا اور اس نے کہا تو نے مومنوں کے چہرے سیاہ کر دیئے ہیں۔ تو آپ نے فرمایا: مجھ پر ملامت نہ کرو اللہ تعالیٰ تجھ پر رحم فرمائے کیونکہ حضور نبی کریم ﷺ نے بنی امیہ کو دیکھا کہ وہ آپ کے منبر پر خطبہ دے رہے ہیں تو آپ کو یہ ناگوار گزرا تو إِنَّآ أَعْطَيْنَٰكَ ٱلْكَوْثَرَ نازل ہوئی یعنی اے محمد ﷺ ہم نے آپ کو کوثر عطا فرمائی۔ اور یہ جنت میں ایک نہر ہے۔ اور سورۃ القدر نازل ہوئی اے محمد ﷺ یہ وہ ہے جس کے بعد اس کے مالک بنیں گے۔ حضرت قاسم نے کہا: پھر ہم نے شمار کیا تو ان کی حکومت پورے ہزار مہینے تھی نہ ایک دن زیادہ نہ ایک دن کم۔ (1)

امام ابن ابی شیبہ رحمہ اللہ نے مصنف میں حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے یہ قول بیان کیا ہے کہ لَيْلَةُ ٱلْقَدْرِ سے مراد لیلۃ الحکم ہے۔ وَمَآ أَدْرَىٰكَ مَا لَيْلَةُ ٱلْقَدْرِ اور آپ کو کس نے بتایا لیلۃ الحکم کیا ہے۔

امام عبد بن حمید، ابن منذر، محمد بن نصر اور ابن ابی حاتم رحمہم اللہ نے حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے یہ قول نقل کیا ہے کہ شب قدر کا عمل، اس کا روزہ اور اس کا قیام ہزار مہینوں سے بہتر اور افضل ہے جن میں شب قدر نہیں ہے۔ (2)

امام ابن ابی شیبہ رحمہ اللہ نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے کہ میں کسی دن کو کسی دن پر اور کسی رات کو کسی رات پر افضل نہیں جانتا مگر لیلۃ القدر، کیونکہ یہ ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔

امام ابن منذر رحمہ اللہ نے حضرت ضحاک رحمۃ اللہ علیہ سے بیان کیا ہے کہ الروح سے مراد حضرت جبرائیل علیہ السلام ہیں۔ وہ بیان کرتے ہیں: مِّن كُلِّ أَمْرٍ ۝ سَلَٰمٌ کی تفسیر میں یہ ہے کہ کسی قوم کے لیے یہ حلال نہیں ہے کہ اس کے ساتھ اس رات میں جنگ کیا جائے یہاں تک کہ صبح ہو جائے۔

امام سعید بن منصور، عبد بن حمید، محمد بن نصر، ابن منذر، ابن ابی حاتم اور بیہقی رحمہم اللہ نے شعب الایمان میں حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے بیان کیا ہے کہ سَلَٰمٌ هِىَ کا معنی ہے کہ یہ سلامتی والی ہے کوئی شیطان یہ طاقت نہیں رکھتا کہ اس

1. سنن ترمذی، جلد 2، صفحہ 179، مطبوعہ ...
2. تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 30، صفحہ 3685، مطبوعہ ... بیروت

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] إِنَّا أَنزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ [illegible] شَهْرُ رَمَضَانَ [illegible]
[illegible] 85) اور رمضان وہ مہینہ ہے جس میں [illegible]

[illegible]

[illegible] رمضان [illegible]

[illegible] حضرت [illegible] سے روایت [illegible] ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے
[illegible] رمضان [illegible] آخری عشرے میں تلاش کرو [illegible]

[illegible] حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا [illegible] بیان کی ہے کہ رسول اللہ
[illegible] شب قدر کو رمضان کے آخری عشرے کی طاق [illegible]

[illegible] شب قدر [illegible] آخری عشرہ [illegible] تلاش [illegible]
[illegible] بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے
[illegible] آخری عشرے کی طاق [illegible] میں تلاش [illegible]

[illegible] حضرت [illegible] رضی اللہ عنہما سے [illegible] بیان کیا ہے کہ [illegible]
[illegible] رسول اللہ ﷺ [illegible] کی طرف تشریف [illegible]
[illegible] آپ [illegible]
[illegible] تمہارے درمیان [illegible]
[illegible] آخری عشرہ میں تلاش کرو۔

[illegible] حضرت [illegible] رضی اللہ عنہ سے روایت [illegible] ہے کہ
[illegible] رسول اللہ ﷺ سے شب قدر [illegible] پوچھا تو آپ ﷺ نے [illegible] رمضان [illegible] آخری عشرہ
[illegible]
[illegible] آخری [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] کے ساتھ [illegible]

[illegible]

امام احمد رحمہ اللہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے شب قدر کے بارے فرمایا: یہ شب ۲۹ کی رات ہے۔

امام محمد بن نصر رحمہ اللہ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم شب قدر کو رمضان مبارک کی آخری رات میں تلاش کرو۔

امام محمد بن نصر رحمہ اللہ نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے حدیث بیان کی ہے کہ انہوں نے کہا: میں نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ مجھے لیلۃ القدر کے بارے بتائیے۔ انبیاء علیہم السلام کے زمانے میں کیا یہ شے ہوتی ہے جس میں ان پر وحی نازل ہوتی ہے اور جب ان کا وصال ہو جاتا ہے تو وہ اٹھا لی گئی ہے یا وہ قیامت تک کے لیے ہے؟ تو آپ نے فرمایا: بلکہ وہ قیامت کے دن تک کے لیے ہے۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! رمضان المبارک کے کون سے ایام میں ہے؟ آپ نے فرمایا: تم اسے پہلے عشرے میں اور آخری عشرے میں تلاش کرو۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے گفتگو فرمائی اور میں نے آپ کی توجہ تھی (غفلت) جب کبھی اور کہا: یا رسول اللہ ﷺ میں آپ کو قسم دیتا ہوں کہ آپ مجھے خبر دیں گے وہ جس تک آپ مجھے خبر دیں کہ وہ کون سے عشرے میں ہے؟ تو آپ ﷺ کو اتنا غصہ آیا جتنا غصے میں میں نے آپ کو نہ کبھی دیکھا تھا اس سے پہلے اور نہ اس کے بعد۔ اور فرمایا: اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو وہ تمہیں اس پر مطلع فرما دیتا۔ تم اسے آخری سات راتوں میں تلاش کرو۔ اس کے بعد کسی شے کے بارے مجھ سے سوال نہ کرنا۔

امام بخاری، امام محمد بن نصر اور بیہقی رحمہم اللہ نے ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت بیان کی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تم رمضان المبارک کے آخری عشرے کی طاق رات میں شب قدر کو تلاش کرو۔ (1)

امام مالک، ابن ابی شیبہ، بخاری، امام مسلم، ابن ماجہ، ابن جریر اور بیہقی رحمہم اللہ نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ رمضان المبارک کے درمیانے عشرے میں اعتکاف کرتے تھے۔ پس آپ ﷺ نے ایک سال اعتکاف کیا یہاں تک کہ جب اکیسویں رات آگئی اور یہی وہ رات ہے جس میں آپ اپنے اعتکاف سے نکلتے تھے تو آپ نے فرمایا: جس نے میرے ساتھ اعتکاف کیا ہے تو اسے چاہیے کہ وہ آخری عشرے میں اعتکاف کرے۔ میں نے اس رات کو دیکھا ہے پھر مجھے وہ بھلا دی گئی ہے اور میں نے اپنے آپ کو دیکھا ہے کہ میں اس کی صبح پانی اور مٹی (کیچڑ) میں سجدہ کر رہا ہوں۔ پس تم اسے آخری عشرے میں تلاش کرو اور تم اسے ہر طاق رات میں تلاش کرو۔ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس رات آسمان سے بارش برسائی۔ مسجد پر کھجور کی چھال پڑی ہوئی تھی اور مسجد ٹپک پڑی۔ حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے اپنی آنکھوں سے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ اکیسویں کی صبح کو آپ ﷺ کی پیشانی مبارک پر پانی اور مٹی کا اثر تھا۔ (2)

امام مالک، ابن سعد، ابن ابی شیبہ، احمد، مسلم، ابن زنجویہ، طحاوی اور بیہقی رحمہم اللہ نے حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ

1۔ صحیح بخاری، جلد 1، صفحہ 270، قدیمی کتب خانہ کراچی 2۔ ایضاً، جلد 1، صفحہ 271

سے روایت بیان کی ہے کہ ان سے شب قدر کے بارے میں پوچھا گیا۔ تو انہوں نے کہا: جب ہم یمن میں تھے رسول اللہ ﷺ نے ہمیں یہ بات بتائی تھی: تم اسے آخری عشرہ کی طاق راتوں میں تلاش کرو، وہ طاق رات تیئیسویں کی رات تھی۔(1)

امام بیہقی رحمہ اللہ نے حضرت ابو المصعب رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! میرا کھیت دور ہے، ان میں سے ایک رات کے بارے میں حکم فرمائیے کہ میں اس میں حاضر ہوں۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: رمضان المبارک کی تیئیسویں رات حاضر ہو۔(2)

امام بیہقی رحمہ اللہ نے حضرت زہری رحمہ اللہ سے یہ قول بیان کیا ہے کہ میں نے ضمرہ بن عبد اللہ بن انیس رضی اللہ عنہ سے کہا: حضور نبی کریم ﷺ نے شب قدر کے بارے تیرے باپ کو کیا فرمایا؟ انہوں نے کہا: میرے والد صحابی تھے۔ انہوں نے کہا: میں نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ! مجھے ایک رات کے بارے حکم فرمائیے جس میں میں حاضر ہوں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: تو تیئیسویں رات حاضر ہو۔ جب وہ واپس چلے گئے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم اسے آخری عشرہ میں تلاش کرو۔(3)

امام مالک، امام بخاری، امام مسلم اور نسائی رحمہم اللہ نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے کچھ لوگوں نے شب قدر کو آخری سات راتوں میں خواب میں دیکھا۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں تمہارے خوابوں کو دیکھ رہا ہوں وہ آخری سات راتوں میں ہم آہنگ ہیں۔ پس جو شب قدر کو تلاش کرنا چاہے تو وہ اسے آخری سات راتوں میں تلاش کرے۔(4)

امام ابن ابی شیبہ، عبد بن حمید، بخاری اور بیہقی نے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ باہر تشریف لائے۔ آپ ہمیں شب قدر کے بارے خبر دینے کا ارادہ رکھتے تھے۔ لیکن مسلمانوں میں سے دو آدمی آپس میں جھگڑنے لگے تو اسے اٹھا لیا گیا اور امید ہے کہ یہی تمہارے لیے بہتر ہو۔ پس تم اسے نویں، ساتویں اور پانچویں رات میں تلاش کرو (اس سے مراد انتیسویں، ستائیسویں اور پچیسویں کی رات ہے)۔(5)

امام بیہقی اور بیہقی رحمہما اللہ نے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ باہر تشریف لائے اور آپ یہ چاہتے تھے کہ اپنے صحابہ کرام کو لیلۃ القدر کے بارے بتائیں۔ لیکن دو آدمی باہم جھگڑنے لگے اور آپ چاہتے تھے کہ آپ صحابہ کرام کو لیلۃ القدر کے بارے بتائیں۔ لیکن دو آدمی جھگڑنے لگے۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں اس ارادے کے ساتھ نکلا تھا کہ تمہیں شب قدر کے بارے اطلاع دوں۔ تو دو آدمی باہم جھگڑ پڑے۔ تو وہ مجھ سے لے لی گئی۔ پس تم اسے آخری عشرے میں تلاش کرو ... اس رات میں جب کہ کوئی نو باقی ہوں یا اس میں جب کہ سات باقی رہ جائیں

1۔ صحیح مسلم، جلد 1، صفحہ 371، قدیمی کتب خانہ کراچی
2۔ شعب الایمان، جلد 3، صفحہ 326 (3678)، دار الکتب العلمیہ بیروت
3۔ ایضاً (3675)
4۔ صحیح بخاری، جلد 1، صفحہ 270، قدیمی کتب خانہ کراچی
5۔ ایضاً، جلد 1، صفحہ 27

اس میں شب قدر کو پانچویں رات تلاش کرو (مراد اکیسویں، تئیسویں اور پچیسویں کی رات ہے)(1)

امام بخاری، ابو داؤد، ابن نصر اور بیہقی رحمہم اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا تم شب قدر کو رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں تلاش کرو۔ اس رات میں جب نو راتیں باقی ہوں اور سات راتیں باقی ہوں اور پانچ راتیں باقی ہوں۔(2)

امام احمد رحمہ اللہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے حدیث بیان کی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا تم اسے آخری عشرہ کی نویں، ساتویں اور پانچویں رات میں تلاش کرو۔

امام ابن ابی شیبہ، احمد، عبد بن حمید، ترمذی اور ابن نصر نے اسے صحیح قرار دیا ہے، محمد بن نصر، ابن جریر، حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے اور بیہقی نے عیینہ بن عبد الرحمن سے نقل کیا ہے کہ میں نے ابو بکرہ کے پاس لیلۃ القدر کا ذکر کیا۔ تو انہوں نے کہا میں اسے تلاش نہیں کرتا مگر اس حدیث کے بعد جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے کہ شب قدر کو صرف آخری عشرہ میں تلاش کرو۔ میں نے آپ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے تم اسے آخری عشرہ میں تلاش کرو جب کہ ابھی نو باقی ہوں یا سات باقی ہوں یا پانچ باقی ہوں یا تین باقی ہوں یا آخری رات ہو۔ حضرت ابو بکرہ رمضان المبارک کی بیس راتیں اسی طرح نماز پڑھتے تھے جس طرح سارا سال نماز پڑھتے تھے اور جب آخری عشرہ شروع ہوتا تو خوب مجاہدہ اور ریاضت کرتے تھے۔(3)

امام احمد، مسلم، ابن نصر اور بیہقی رحمہم اللہ نے حضرت ابو نضرہ رحمہ اللہ کی سند سے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے یہ روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم شب قدر کو رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں تلاش کرو۔ یعنی تم اسے نویں، ساتویں اور پانچویں رات میں تلاش کرو۔ میں نے کہا اے ابو سعید! یقیناً تم ہم سے زیادہ عدد کا علم رکھتے ہو۔ انہوں نے فرمایا ہاں درست ہے۔ تو میں نے کہا نویں، ساتویں اور پانچویں کیا ہے؟ تو انہوں نے فرمایا جب اکیسویں گزر جائے تو وہ رات ہے جس کے پیچھے نو آتی ہیں، پھر جب تئیسویں گزر جائیں تو وہی وہ رات ہے جس کے پیچھے سات آتی ہیں اور جب پچیسویں گزر جائیں تو وہی وہ رات ہے جس کے پیچھے پانچ آتی ہیں (یعنی نہم، ہفتم اور پنجم سے مراد بالترتیب بائیسویں، چوبیسویں اور چھبیسویں کی راتیں ہیں)۔(4)

امام طیالسی رحمہ اللہ نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے یہ روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا شب قدر چوبیس (رمضان المبارک) کی رات ہے۔

امام طیالسی، محمد بن نصر، ابن جریر، طبرانی، ابو داؤد اور ابن مردویہ رحمہم اللہ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے، وہ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا شب قدر چوبیس کی رات ہے۔(5)

---

1. شعب الایمان، جلد 3، صفحہ 327 (3679)، دار الکتب العلمیہ بیروت
2. صحیح بخاری، جلد 1، صفحہ 271، قدیمی کتب خانہ کراچی
3. مسند احمد، جلد 5، صفحہ 39، دار صادر بیروت
4. صحیح مسلم، جلد 1، صفحہ 370، قدیمی کتب خانہ کراچی
5. مجمع الزوائد، جلد 3، صفحہ 409 (5044)، دار الفکر بیروت

امام محمد بن نصر اور امام احمد رحمہما اللہ نے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے یہ روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ ہمیں شب قدر کے بارے میں بتانے کے لیے باہر تشریف لائے۔ آپ ﷺ کا وصال ہو گیا اور اس وقت میں یمن میں تھا۔ میں آپ کے وصال کے بعد صحابہ کرام کے پاس حاضر ہوا اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے شب قدر کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے چوبیسویں رات بیان کی ہے۔

امام احمد رحمہ اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: شب قدر کو چوبیسویں رات میں تلاش کرو۔

امام احمد، ابن زنجویہ، اہل سنن اور بیہقی رحمہم اللہ نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی ہے کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ روزے رکھے تو آپ نے مہینے میں کسی رات ہمارے ساتھ قیام نہیں فرمایا یہاں تک کہ جب چوبیسویں رات کے بعد سات راتیں باقی رہ گئیں تو آپ نے ہمیں نماز پڑھائی۔ یہاں تک کہ رات کا تہائی حصہ گزرنے کے قریب ہو گیا۔ اور جب چھبیسویں کی رات تھی تو آپ نے ہمیں نماز نہ پڑھائی۔ پھر جب پچیسویں کی رات آئی جو کہ باقی سات راتوں میں سے تھی تو آپ نے ہمیں نماز پڑھائی۔ یہاں تک کہ رات نصف کے قریب گزر گئی۔ تو ہم نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! کاش آپ ہمیں رات کے بقیہ حصہ میں نفل پڑھاتے؟ آپ نے فرمایا: نہیں۔ جب آدمی امام کے ساتھ نماز پڑھ کر واپس لوٹتا ہے تو اس کے لیے رات کا قیام لکھ دیا جاتا ہے۔ پھر جب چوبیسویں رات آئی تو آپ نے ہمیں نماز نہ پڑھائی۔ پھر جب ستائیسویں کی رات آئی تو رسول اللہ ﷺ اور لوگ کھڑے ہوئے اور آپ نے ہمیں نماز پڑھائی۔ یہاں تک کہ قریب تھا کہ ہماری سحری کا وقت ختم ہو جاتا۔ پھر مہینے کے کسی دن آپ نے ہمیں نماز (تراویح) نہیں پڑھائی۔ اس حدیث میں الفلاح سے مراد سحری کا کھانا ہے۔ (1)

امام ابن ابی شیبہ، احمد، ابن زنجویہ، عبد بن حمید، مسلم، ابو داؤد، ترمذی، نسائی، ابن حبان، ابن مردویہ اور بیہقی رحمہم اللہ نے حضرت زر بن حبیش رحمہ اللہ سے یہ قول بیان کیا ہے کہ میں نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے شب قدر کے بارے میں پوچھا۔ میں نے کہا: بے شک آپ کے بھائی حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جو سال بھر قیام کرے گا وہ شب قدر کو پا لے گا۔ تو انہوں نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ان پر رحم فرمائے، انہوں نے ارادہ کیا کہ تکیہ نہ کر لیا جائے، حالانکہ وہ جانتے ہیں کہ شب قدر ستائیسویں کی رات ہے۔ میں نے کہا: اے ابو المنذر! آپ یہ کس طرح کہتے ہیں؟ انہوں نے فرمایا: اس نشانی اور علامت کے سبب جو رسول اللہ ﷺ نے بیان فرمائی ہے کہ اس دن کی صبح سورج طلوع ہوگا اور اس کی شعاعیں نہیں ہوں گی۔ اور بعض روایات کے الفاظ ہیں: وہ سفید ہوگا اس کی شعاعیں نہیں ہوں گی گویا کہ وہ ایک طشت ہے۔ (2)

امام محمد بن نصر، طبرانی، حاکم اور آپ نے اس روایت کو صحیح قرار دیا ہے اور بیہقی رحمہم اللہ نے حضرت عاصم رحمہ اللہ کی سند سے حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ بیان کیا ہے کہ حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ مجھے حضور نبی کریم ﷺ

1۔ مسند امام احمد، جلد 5، صفحہ 159، حدیث 21383، دار احیاء التراث العربی بیروت
2۔ صحیح مسلم، جلد 1، صفحہ 370، قدیمی کتب خانہ کراچی

کے بلا لیا۔ اصحاب بدر میرے ساتھ بلاتے تھے اور فرماتے تھے ان کی گفتگو سے پہلے کلام نہ کرنا۔ پس آپ نے ایک بار انہیں بلایا اور ان سے پوچھا شب قدر کے بارے میں رسول اللہ ﷺ کے اس ارشاد کے بارے تمہاری کیا رائے ہے "تحروہا فی العشر الاواخر وترا" آخری عشرہ کی طاق راتوں میں تلاش کرو" وہ کون سی رات ہو سکتی ہے؟ تو ان میں سے بعض نے کہا: وہ اکیسویں کی رات ہے، بعض نے کہا: وہ تیئیسویں کی رات ہے، بعض نے کہا: پچیسویں رات ہے اور بعض نے خیال ظاہر کیا کہ وہ ستائیسویں کی رات ہے۔ سو میں خاموش بیٹھا رہا۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تجھے کیا ہے؟ تو گفتگو کیوں نہیں کرتا؟ تو میں نے جواب عرض کی: آپ ہی نے تو مجھے حکم ارشاد فرمایا ہے کہ ان کے گفتگو کرنے سے پہلے میں کلام نہ کروں۔ تو پھر انہوں نے فرمایا: مجھے گفتگو کے لیے ہی تو بلایا ہے۔ تو پھر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: بلاشبہ میں نے سنا ہے اللہ تعالیٰ سات کا ذکر فرماتا ہے۔ پس اس نے سات آسمانوں اور انہی کی مثل سات زمینوں کا ذکر کیا ہے، اس نے انسان کو سات سے تخلیق فرمایا ہے اور زمین سے سات اگنے والی ہیں۔ پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ تو اس کے بارے خبر ہے جسے میں جانتا ہوں اس کے بارے کیا خیال ہے جسے میں نہیں جانتا؟ اور وہ زمین سے اگنے والی سات ہیں؟ تو میں نے کہا: بے شک اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ﴿۲۶﴾ فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا ﴿۲۷﴾ وَّ عِنَبًا وَّ قَضْبًا ﴿۲۸﴾ وَّ زَيْتُوْنًا وَّ نَخْلًا ﴿۲۹﴾ وَّ حَدَآىِٕقَ غُلْبًا ﴿۳۰﴾ وَّ فَاكِهَةً وَّ اَبًّا ﴿۳۱﴾ (عبس) (پھر اچھی طرح پھاڑا زمین کو، پھر ہم نے اگایا اس میں غلہ اور انگور اور ترکاریاں اور زیتون اور کھجوریں اور گھنے باغات اور طرح طرح کے) پھل اور گھاس "حدائق غلبا" (گھنے باغات) سے مراد کھجوروں اور دیگر درختوں کے باغات ہیں۔ وَّ فَاكِهَةً وَّ اَبًّا (عبس) میں اب سے مراد وہ چارہ ہے جسے زمین اگاتی ہے اور چارپائے اور مویشی کھاتے ہیں، جنہیں انسان نہیں کھاتے۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے اصحاب سے فرمایا: تم ایسا کہنے سے عاجز ہو جس طرح اس بچے نے کہا ہے جس کی داڑھی ابھی جمع اور مضبوط نہیں۔ قسم بخدا! میں بھی یہی رائے رکھتا ہوں جو تو نے کہا ہے (یعنی ستائیسویں کی رات) حالانکہ میں نے خود تجھے حکم دیا ہے کہ ان کے ساتھ گفتگو نہ کرنا۔(1)

امام عبد الرزاق، ابن راہویہ، محمد بن نصر، طبرانی اور بیہقی رحمہم اللہ نے حضرت عکرمہ رحمہ اللہ کی سند سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ قول بیان کیا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اصحاب النبی ﷺ کو بلایا اور ان سے لیلۃ القدر کے بارے پوچھا۔ تو انہوں نے اس پر اتفاق کیا کہ شب قدر آخری عشرہ میں ہے۔ تو میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا: بے شک میں جانتا ہوں اور میرا غالب گمان ہے کہ وہ کون سی رات ہے۔ تو انہوں نے کہا: وہ کون سی رات ہے؟ میں نے کہا: ساتویں رات جو آخری عشرہ سے باقی ہے۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نے یہ کہاں سے جانا؟ میں نے کہا: اللہ تعالیٰ نے سات آسمان، سات زمینیں اور سات دن تخلیق فرمائے۔ بے شک زمانہ سات میں گردش کرتا ہے، انسان سات سے پیدا ہوا ہے اور سات کھاتا ہے اور سات اعضاء پر سجدہ کرتا ہے، بیت اللہ شریف کا طواف سات چکر ہیں اور رمی جمار کی سات کنکریاں ہوتی ہیں۔ اسی طرح کی کئی چیزوں کا ذکر کیا۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یقیناً تو نے اس معاملے کو سمجھا ہے جسے ہم

1۔ شعب الایمان، جلد 3، صفحہ 330 (3686)، مکتبہ العلمیہ بیروت

نے نقل کیا اور حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے اس قول میں "اور وہ ساعت سے کم تا ہے" کہا ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ نے نعمتوں میں سے ایک نعمت کا ذکر کیا ہے جیسے ارشاد ہے: اِلَّآ اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ (التوبہ: 52)[1]

امام ابن جریر، ابن عبد بن حمید رحمہم اللہ نے حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے یہ روایت بیان کی ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو قریب بٹھاتے تھے اور صحابہ کرام میں سے بعض لوگ اس سے ناراض ہوئے اور انہوں نے کہا آپ انہیں کیوں بلاتے ہیں تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عنقریب تمہیں ایک دن ایسا معاملہ دکھاؤں گا جس سے تمہیں ان کی فضیلت کا علم ہو جائے گا۔ چنانچہ آپ نے صحابہ کرام سے سورۃ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ کے بارے پوچھا تو انہوں نے جواب دیا: ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا گیا ہے جب وہ لوگوں کو اسلام کی طرف تیزی سے بڑھتے ہوئے اور اس میں داخل ہوتے ہوئے دیکھیں تو چاہیے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان کریں اور اس سے استغفار کریں۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: تجھے کیا ہے کہ تم گفتگو نہیں کر رہے؟ تو انہوں نے کہا: میں اس سے یہ جانتا ہوں کہ آپ کا وصال کب ہو گا۔ فرمایا: اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ﴿1﴾ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ﴿2﴾ یہی آپ کے وصال کی علامت ہے۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے دست قدرت میں میری جان ہے میں بھی اس سے وہی کچھ جانتا ہوں جو تو سمجھا ہے۔ فرمایا: پھر آپ نے ان سے شب قدر کے بارے پوچھا تو ان میں سے اکثر نے اس کے بارے یہ کہا ہم تو یہی بیان کرتے تھے کہ وہ درمیان والے عشرہ میں ہے پھر ہمیں یہ معلوم ہوا ہے کہ یہ آخری عشرہ میں ہے۔ ان میں سے اکثر نے یہی کہا۔ تو ان میں سے بعض نے کہا: اکیسویں کی رات۔ بعض نے کہا تیئسویں کی رات اور بعض نے کہا ستائیسویں کی رات۔ تو پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابن عباس! تجھے کیا ہے گفتگو نہیں کر رہا؟ تو انہوں نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تحقیق ہم جانتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے لیکن میں تجھ سے تیرے علم کے بارے سوال کر رہا ہوں۔ تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: بلاشبہ اللہ تعالیٰ وتر ہے اور وہ وتر کو پسند کرتا ہے۔ اس نے سات آسمانوں کو پیدا کیا، اور دنوں کی تعداد کو سات بنایا اور بیت اللہ شریف کے طواف کے سات چکر بنائے۔ صفا اور مروہ کے درمیان سعی کے چکر بھی سات ہیں اور رمی جمار بھی سات ہیں۔ انسان کو سات سے پیدا کیا اور اس کا رزق بھی سات سے بنایا۔ تو انہوں نے کہا: انسان کیسے سات سے پیدا کیا گیا اور کس طرح اس کا رزق سات سے بنایا گیا؟ تو کہنے لگے: کیا تو مجھ سے ایسی چیز کے بارے پوچھتا ہے جسے میں نہیں سمجھ سکا؟ تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ﴿12﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ﴿13﴾ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿14﴾ (المومنون) پھر اس کے رزق کا ذکر کیا اور فرمایا: ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ﴿26﴾ فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا ﴿27﴾ وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا ﴿28﴾ وَّزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا ﴿29﴾ وَّحَدَآئِقَ غُلْبًا ﴿30﴾ وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّا ﴿31﴾ (عبس) اور اب سے مراد چارہ ہے جو زمین نے

1۔ شعب الایمان، جلد 3، صفحہ 331 (3686، 37)، مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت

یہ چوبیس گھنٹے سے پیدا کیا ہے۔ وہ سات چیزیں بھی جن سے روزی ہیں۔ یہاں واللہ اعلم۔ البتہ شب قدر کے بارے میں بھی یہ سے کہ وہ کوئی تیس دن کی نہیں ہوں اور سات کی باقی ہے (جس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے)۔

امام ابو محمد رحمہ اللہ نے لکھا ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی مجلس سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے صحابہ کو جمع کیا اور آپ بیٹھے ہوئے تھے۔ تو انہوں نے شب قدر کا ذکر کیا تو ان میں سے بعض نے آپ سے اس رات کے متعلق کچھ کہا اور ان میں ابن عباس کے سوا کوئی نہ بولا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا اے ابن عباس! تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم خاموش ہو اور گفتگو نہیں کرتے؟ تم بھی کلام کرو اور تم کم سنی کی وجہ سے گفتگو سے منع نہیں ہو۔ تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا تو میں نے کہا اے امیر المومنین! اللہ تعالیٰ طاق ہے اور طاق (عدد) کو پسند فرماتا ہے۔ اس نے دنیا کو بنایا اور سات دن کے دور میں گھمایا ہے۔ اور انسان کو سات چیزوں سے پیدا کیا، ہمارے اوپر سات آسمان بنائے اور نیچے سات زمینیں تخلیق فرمائیں اور مثانی (سورۃ الفاتحہ کی سات آیات) عطا فرمائیں اور اپنی کتاب میں سات قرابت والوں سے نکاح کرنے سے منع فرمایا اور اپنی کتاب میں میراث سات (حصوں) پر تقسیم فرمائی اور ہم اپنے جسم کے سات اعضاء پر سجدہ کرتے ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کعبہ معظمہ کا طواف سات دفعہ کیا اور صفا و مروہ کے درمیان سات بار سعی کی اور جمرات پر سات کنکریوں کے ساتھ رمی کی۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں ان کا ذکر کیا ہے۔ چنانچہ میں شب قدر کو رمضان المبارک کی آخری سات راتوں میں دیکھتا ہوں۔ واللہ اعلم۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ حیران ہو گئے اور فرمایا اس مسئلہ میں میرے ساتھ کوئی نہیں ہے سوائے اس لڑکے کے جس کے سر کی ہڈیاں (بچے) کے سر کی طرح جڑی نہیں ہیں۔ پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم شب قدر کو آخری عشرہ میں تلاش کرو۔ پھر فرمایا کیا تم ابن عباس کے بیان کرنے کی طرح کوئی بات بیان کر سکتے ہو؟ (ابن کثیر نے اس کی اسناد کو صحیح کہا ہے)۔ (1)

امام عبد بن حمید رحمہ اللہ نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "تم شب قدر کو ستائیسویں کی رات میں تلاش کرو۔"

امام ابن ابی شیبہ رحمہ اللہ نے حضرت زر رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے کہ میں نے لیلۃ القدر کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے کہا: حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہما اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے کئی لوگ اس میں شک نہیں کرتے تھے کہ شب قدر ستائیسویں کی رات ہے۔ (2)

امام ابن جریر رحمہ اللہ نے تہذیب میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "تم شب قدر کو رات کے آخری حصے میں تلاش کرو۔"

1۔ صحیح ... جلد ... صفحہ 317، حدیث ... اعلم

2۔ ... (1165) ... مطبوعہ ...

امام ابن ابی شیبہ، عبد بن حمید، امام محمد بن نصر اور امام بیہقی رحمہم اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت بیان کی ہے کہ ایک آدمی نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں بوڑھا اور بیمار ہوں، رمضان میں مجھ پر [illegible] مجھے کوئی ایسی رات بتائیں [illegible] تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ساتویں کو لازم پکڑو [illegible] آپ ﷺ نے [illegible] میں نے اس رات میں [illegible] ستائیسویں رات ہے [illegible] حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے [illegible] شب [illegible] علیہ السلام [illegible] ہوتی ہیں۔(1)

امام احمد، ابن نصر اور امام حاکم رحمہم اللہ نے حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے اور حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا: ہم نے رمضان المبارک کی تیئیسویں رات کے پہلے حصہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ قیام کیا۔ پھر پچیسویں رات آدھی رات تک آپ کے ساتھ قیام کیا۔ پھر ہم نے ستائیسویں رات آپ ﷺ کے ساتھ قیام کیا۔ یہاں تک کہ ہم نے گمان کیا کہ ہم فلاح نہیں پا سکیں گے اور فلاح سے مراد سحری کا کھانا ہے۔ اور ہم کہتے ہیں ساتویں رات کو [illegible] اور ہم کہتے ہیں ستائیسویں رات کو [illegible] اور درست ہیں یا تم"(2)

محمد بن نصر نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: شب قدر کو رمضان المبارک کے مہینے میں سے آخری دس راتوں میں تلاش کرو، [illegible] تئیسویں، ستائیسویں اور انتیسویں رات میں۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے تاریخ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت بیان کیا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضور نبی کریم ﷺ کے اصحاب سے شب قدر کے بارے میں پوچھا تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: یا امیر المومنین! سات [illegible] سورۃ [illegible] وَلَقَدْ اٰتَیْنٰکَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِیْ (الحجر: 87) امام بخاری نے فرمایا: اس کی سند کل نظر ہے۔

امام طیالسی، احمد اور ابن مردویہ رحمہم اللہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے حدیث بیان کی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے شب قدر کے بارے میں فرمایا: بے شک یہ ستائیسویں یا انتیسویں کی رات ہے۔ اس رات زمین پر فرشتے کنکریوں کی تعداد سے زیادہ ہوتے ہیں۔

امام محمد بن نصر رحمہ اللہ نے حضرت ابو میمون رحمہ اللہ کے واسطہ سے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے حدیث بیان کی ہے کہ انہوں نے فرمایا: شب قدر ستائیسویں یا انتیسویں کی رات ہے اور اس میں فرشتے آسمان سے کنکریوں کی تعداد سے زیادہ اترتے ہیں۔ اور یہ کہا جاتا ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے قول کا یہ معنی ہے کہ چوبیسویں کی رات شب قدر ہے۔

امام محمد بن نصر، ابن جریر، ابن المنذر اور امام بیہقی رحمہم اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت بیان کیا ہے کہ ایک آدمی حضور نبی کریم ﷺ کے پاس آیا اور عرض کی: یا نبی اللہ! میں بہت بوڑھا آدمی ہوں، مجھ پر قیام کرنا مشکل ہوتا ہے، پس

1۔ مصنف ابن ابی شیبہ، جلد 2، صفحہ 325 (9532)، مکتبۃ الزمان مدینہ منورہ

2۔ [illegible] جلد [illegible] صفحہ 607 (1606)، دار الکتب العلمیہ بیروت

[illegible] قیام [illegible] رمضان [illegible]

[illegible]

امام [illegible] حضرت [illegible] رحمہ اللہ سے [illegible]

[illegible] آپ نے فرمایا [illegible] رات

[illegible]

[illegible] حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما سے [illegible] نقل کیا ہے

[illegible] (الانفال 41) [illegible]

[illegible] (2)

حضرت [illegible] رضی اللہ عنہ [illegible] ہے۔

امام [illegible] حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے [illegible]

[illegible] رات کی صبح یوم بدر

[illegible] اللہ تعالیٰ [illegible] وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا يَوْمَ الْفُرْقَانِ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ (الانفال 41) [illegible]

[illegible]

امام [illegible] حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ [illegible] فرمایا تم

[illegible] آپ [illegible]

امام [illegible] رحمہ اللہ نے حضرت عبداللہ بن [illegible] رضی اللہ عنہ سے یہ روایت بیان کی ہے کہ انہوں نے حضور نبی کریم

ﷺ [illegible] آپ ﷺ نے فرمایا تم [illegible]

پوچھا تو آپ ﷺ نے [illegible]

امام [illegible] رحمہ اللہ نے حضرت [illegible] رضی اللہ عنہ سے حدیث بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے

لیلۃ القدر [illegible]

امام [illegible] رحمہ اللہ نے حضرت [illegible] رضی اللہ عنہ سے [illegible] کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا لیلۃ القدر

کو آخری عشرہ میں تلاش کرو [illegible]

[illegible]

امام [illegible] رحمہ اللہ نے حضرت [illegible] رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے کہ لیلۃ القدر آخری عشرے کی

[illegible]

ہر سال رات میں منتقل ہوتی رہتی ہے۔(1)

امام ابن ابی شیبہ رحمہ اللہ نے حضرت ابوبکر بن عبدالرحمن بن حارث بن ہشام سے یہ قول بیان کیا ہے کہ لیلۃ القدر سترہ رمضان المبارک کے جمعہ کی رات ہے۔(2)

ابو الشیخ نے حضرت عمرو بن حریث سے بیان کیا ہے کہ میری رائے ہے سترہ رمضان کی صبح یوم الفرقان ہے۔

امام محمد بن نصر اور طبرانی رحمہما اللہ نے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے اور انہوں نے اپنے باپ سے بیان کیا ہے کہ وہ رمضان المبارک کی تیئیسویں رات اور ستائیسویں رات شب بیداری کرتے تھے لیکن وہ سترہ رمضان کی شب بیداری کی طرح نہ تھی۔ ان سے پوچھا گیا تم سترہ رمضان کی رات کیسے شب بیداری کرتے تھے؟ انہوں نے کہا: بلاشبہ یہ وہ رات ہے جس میں قرآن نازل ہوا اور اس کی صبح حق اور باطل کے درمیان فرق کیا گیا۔(3)

امام محمد بن نصر رحمہ اللہ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے لیلۃ القدر کے بارے میں روایت بیان کی ہے کہ تم لیلۃ القدر کو اس رات میں تلاش کرو جب کہ سات راتیں باقی ہوتی ہیں اور اس کی صبح یوم بدر ہے (اور اس رات میں تلاش کرو) جب کہ پانچ باقی ہوتی ہیں اور اس رات جب کہ تین راتیں باقی ہوتی ہیں۔ بے شک ہر روز شیطان کے دو سینگوں کے درمیان سے سورج طلوع ہوتا ہے سوائے شب قدر کی صبح کے، اس دن سورج طلوع ہوتا ہے اور اس کی شعاعیں نہیں ہوتیں۔

امام طیالسی، محمد بن نصر اور بیہقی رحمہم اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت بیان کی ہے اور بیہقی نے اسے ضعیف قرار دیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے لیلۃ القدر کے بارے فرمایا: یہ رات انتہائی پرسکون اور خوشگوار ہوتی ہے، نہ گرم ہوتی ہے اور نہ ہی سرد۔ اس کی صبح سورج طلوع ہوتا ہے اور اس کی روشنی کمزور سرخ ہوتی ہے۔(4)

امام ابن ابی شیبہ رحمہ اللہ نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے مرسل روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لیلۃ القدر انتہائی اطمینان بخش اور خوشگوار رات ہے۔ اس کا سورج طلوع ہوتا ہے اور اس کی شعاعیں نہیں ہوتیں۔(5)

امام ابن جریر رحمہ اللہ نے تہذیب میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے یہ قول بیان کیا ہے کہ شب قدر سال کی تمام راتوں میں گھومتی رہتی ہے۔

امام بخاری، مسلم اور بیہقی رحمہم اللہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے ایمان کی حالت میں شب قدر کو قیام کیا اس کے سابقہ گناہوں کی مغفرت کر دی جائے گی۔(6)

امام ابن ابی شیبہ رحمہ اللہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے یہ روایت بیان کی ہے کہ جب رمضان المبارک کا مہینہ آتا تو رسول اللہ ﷺ اپنے گھر والوں کو جگاتے تھے اور اپنی چادر اٹھا لیتے تھے۔(7)

---

1. تفسیر عبد الرزاق، سورۃ القدر، جلد 3، صفحہ 445 (3863)، دار الکتب العلمیہ بیروت
2. مصنف ابن ابی شیبہ، جلد 2، صفحہ 251 (8675)، مکتبۃ الزمان مدینہ منورہ
3. معجم کبیر، جلد 1، صفحہ 413 (6058)، دار الفکر بیروت
4. شعب الایمان، جلد 3، صفحہ 334 (3693)، دار الکتب العلمیہ بیروت
5. مصنف ابن ابی شیبہ، جلد 2، صفحہ 327 (9543)
6. صحیح بخاری، جلد 1، صفحہ 270، قدیمی کتب خانہ کراچی
7. مصنف ابن ابی شیبہ، جلد 2، صفحہ 327 (9584)

امام ابن ابی شیبہ رحمہ اللہ نے حضرت حسن بن الحر رحمہ اللہ سے یہ قول نقل کیا ہے کہ مجھ تک یہ خبر پہنچی ہے کہ شب قدر کے دن کا عمل (روزہ وغیرہ) اس کی رات میں عمل کرنے کی طرح ہے۔

امام احمد، ترمذی (آپ نے اس روایت کو صحیح قرار دیا ہے)، نسائی، ابن ماجہ، محمد بن نصر اور بیہقی نے ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے یہ روایت بیان کی ہے کہ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! اگر مجھے لیلۃ القدر کا علم ہو جائے تو میں کیا کہوں؟ تو آپ ﷺ نے جواب فرمایا: تو کہہ: اللهم انك عفو تحب العفو فاعف عني (1)

امام ابن ابی شیبہ، محمد بن نصر اور بیہقی رحمہم اللہ نے ذکر کیا ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اگر مجھے لیلۃ القدر کا پتہ چل جائے تو میں اس میں اللہ تعالیٰ سے عفو و عافیت کے سوا کچھ نہ مانگوں۔(2)

امام ابن ابی شیبہ نے ذکر کیا ہے کہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اگر میں جان لوں کہ لیلۃ القدر کون سی ہے تو اس میں میری اکثر دعا یہ ہوتی: میں اللہ تعالیٰ سے عفو و عافیت کی التجا کرتی ہوں۔ اسأل الله العفو والعافية

امام بیہقی نے شعب میں حضرت الاوزاعی سے ابن ابی مرثد کے واسطہ سے یہ قول بیان کیا ہے کہ انہوں نے رمضان مبارک کی ستائیسویں رات طلوع ہونے پر سمندر کا پانی چکھا تو وہ میٹھا تھا اور اس کے ساتھ بہت خوشبو کا اثر محسوس کر رہے تھے۔(3)

امام بیہقی رحمہ اللہ نے حضرت اوزاعی رحمہ اللہ کے واسطہ سے عبدہ بن ابی لبابہ رضی اللہ عنہ سے یہ قول بیان کیا ہے کہ میں نے رمضان مبارک کی ستائیسویں رات سمندر کا پانی چکھا تو اچانک میں نے اسے میٹھا پایا۔(4)

امام بیہقی رحمہ اللہ نے حضرت ایوب بن خالد رحمہ اللہ سے یہ قول بیان کیا ہے کہ میں سمندر میں تھا تو مجھے رمضان مبارک کی تیئیسویں رات غسل کی حاجت ہو گئی میں نے سمندر کے پانی سے غسل کیا تو میں نے اسے انتہائی میٹھا اور خوشگوار پایا۔(5)

امام ابن زنجویہ اور محمد بن نصر رحمہما اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ قول بیان کیا ہے: ہم اس رات کو ستائیسویں میں جرافہ (انتہائی زیادہ گرانے والی) پاتے ہیں کیونکہ یہ گناہوں کو گرا دیتی ہے۔ ان کی اس سے مراد لیلۃ القدر ہے۔

امام بیہقی رحمہ اللہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے یہ روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب لیلۃ القدر آتی ہے تو حضرت جبرائیل امین علیہ السلام ملائکہ کی ایک جماعت کے ہمراہ اترتے ہیں وہ ہر اس بندے کے لیے دعا کرتے ہیں جو کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر اللہ تعالیٰ کا ذکر کر رہا ہو۔ اور جب ان کی عید کا دن آتا ہے تو اللہ تعالیٰ ان کے ذریعے اپنے ملائکہ پر فخر کرتا ہے اور فرماتا ہے: اے میرے ملائکہ! اس مزدور کی اجرت کیا ہے جس نے اپنا عمل پورا کر دیا ہو؟ تو وہ عرض کرتے ہیں: اے ہمارے رب! اس کی جزا یہ ہے کہ اس کو اس کی اجرت پوری پوری دی جائے۔ تو رب کریم ارشاد فرماتا ہے: اے میرے ملائکہ! میرے بندوں اور میری بندیوں نے وہ فریضہ پورا کر دیا ہے جو میری طرف سے ان پر لازم تھا۔ پھر وہ نکلے ہیں میری بارگاہ سے دعا مانگتے کے لیے نکلے ہیں۔ میری عزت، جلال، میرے فضل و کرم، میری رفعت اور بلند مکانی کی قسم! میں ضرور بضرور ان کی دعا قبول

1۔ سنن ترمذی، جلد 2، صفحہ 190

2۔ شعب الایمان، جلد 3، صفحہ 338 (3702)، دار الکتب العلمیہ بیروت

3۔ ایضاً، جلد 3، صفحہ 312 (3689)

4۔ ایضاً (3690)

5۔ ایضاً (3691)

[illegible]

[illegible] اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ [illegible] اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ [illegible] اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ [illegible] وَالْعَصْرِ [illegible] اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ [illegible] اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ [illegible] قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ، تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ [illegible] قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ [illegible]

[illegible] اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ [illegible] يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ [illegible] قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ [illegible]

[illegible]

سورۃ البینۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

[illegible]

لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَ الْمُشْرِكِيْنَ مُنْفَكِّيْنَ
حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝ رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُوْا صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ۝ فِيْهَا
كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ۝ وَ مَا تَفَرَّقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا
جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝ وَ مَاۤ اُمِرُوْۤا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ
الدِّيْنَ ۙ۬ حُنَفَآءَ وَ يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ يُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَ ذٰلِكَ دِيْنُ
الْقَيِّمَةِ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَ الْمُشْرِكِيْنَ فِيْ نَارِ
جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ اُولٰٓىِٕكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ
عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ اُولٰٓىِٕكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ۝ جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ
جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَاۤ اَبَدًا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ
عَنْهُمْ وَ رَضُوْا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ ۝

جن لوگوں نے اہل کتاب میں سے کفر کیا (وہ) اور مشرکین (کفر سے) باز آنے والے نہ تھے جب تک کہ ان کے پاس روشن دلیل نہ آجاتی۔ (یعنی) ایک رسول اللہ کی طرف سے جو انہیں پڑھ کر سنائے پاک صحیفے جن میں درست اور مستحکم باتیں لکھی ہیں۔ اور اہل کتاب جو متفرق ہوئے تو اس کے بعد کہ ان کے پاس روشن دلیل آچکی۔ حالانکہ انہیں حکم یہی ہوا تھا کہ اخلاص کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں اس کے لئے خالص کرتے ہوئے دین کو یکسو ہو کر اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں اور یہی ہے دین سیدھا۔ بے شک جنہوں نے کفر کیا اہل کتاب سے (وہ) اور مشرکین آتش جہنم میں ہوں گے (اور) اسی میں ہمیشہ رہیں گے یہی لوگ بدترین مخلوق ہیں۔ اور بے شک جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کئے یہی ساری مخلوق سے بہتر ہیں۔ ان کی جزا ان کے رب کے ہاں ہمیشگی کی جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں رواں ہیں وہ ان میں ابدالآباد رہیں گے اللہ تعالیٰ ان سے راضی اور وہ اس سے راضی۔ یہ صلہ اس کے لئے ہے جو اپنے رب سے ڈرتا رہا ہے

[illegible]

[illegible] ہو جائے گا۔

[illegible] حضرت [illegible] بے شک اللہ تعالیٰ نے [illegible] لم یکن الذین کفروا [illegible] تب مجھے [illegible]

[illegible] ہو جاتا۔

[illegible] حضرت [illegible] علیہ السلام [illegible] حضور نبی کریم ﷺ [illegible] حضرت ابی [illegible] (1)

[illegible] حضرت [illegible] اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تم پر لم یکن الذین [illegible] آپ نے فرمایا: ہاں [illegible] (2)

[illegible] حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے [illegible] اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تم پر قرآن پڑھوں [illegible] لم یکن الذین کفروا [illegible]

[illegible]

بیشک اللہ تعالیٰ کے نزدیک دین وہی ہے جس کی کامل توجہ اسی کی جانب ہو، وہ مشرک ہو نہ یہودی ہو اور نہ ہی نصرانی ہو اور جو اس طرح عمل کرے گا وہ ہرگز اسے نا قدری قرار نہ دے گا۔(1)

امام احمد رحمۃ اللہ نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے یہ قول بیان کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تجھ پر قرآن پڑھوں۔ چنانچہ آپ ﷺ نے مجھ پر یہ سورت پڑھی کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک دین تو صرف حنیفیت ہے جس میں نہ شرک ہو نہ یہودیت اور نہ ہی نصرانیت ہو اور جو کوئی نیک عمل کرے گا وہ ہرگز اسے نا قدری قرار نہ دے گا۔ حضرت شعبہ رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: پھر آپ نے اس کے بعد والی آیات پڑھیں إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ (سے بعد تک آیت) اور پھر یہ پڑھا: لَوْ أَنَّ لِابْنِ آدَمَ وَادِيًا مِنْ مَالٍ لَسَأَلَ وَادِيًا ثَانِيًا وَلَا يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ إِلَّا التُّرَابُ فرمایا: پھر باقی کے ساتھ سورت کا اختتام کیا۔

امام ابن مردویہ رحمۃ اللہ نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے ابی! بے شک مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں تجھے یہ سورت پڑھاؤں۔ چنانچہ آپ نے مجھے یہ سورت پڑھائی۔ لَمْ يَكُنِ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَالْمُشْرِكِينَ مُنْفَكِّينَ حَتَّىٰ تَأْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ رَسُولٌ مِنَ اللَّهِ يَتْلُو صُحُفًا مُطَهَّرَةً فِيهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ یعنی اے یہودیت، نصرانیت کی تمنا کرنے والے! بے شک بہترین دین حنیفی مسلک ہے جس میں شرک کی آمیزش نہ ہو، اور جو نیک عمل کرے گا اسے ہرگز نا قدری قرار نہ دیا جائے گا۔ "وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ (البینہ) بے شک وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا، اللہ تعالیٰ کے راستے سے روک دیے گئے ہیں اور انہوں نے اس کتاب سے اختلاف کیا اور سرکشی اختیار کی جو کتاب آپ ان کے پاس لائے وہی اللہ تعالیٰ کے نزدیک بہترین مخلوق ہیں۔ لوگ صرف اور صرف ایک امت تھے، پھر مخلوق سے بشر اور نذیر بنا کر انبیاء علیہم السلام مبعوث فرمائے، وہ لوگوں کو حکم دیتے ہیں، نماز قائم کرتے ہیں، زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ وحدہ لا شریک کی عبادت کرتے ہیں۔ وہی لوگ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ساری مخلوق سے بہتر ہیں جَزَاؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنَّاتُ عَدْنٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۖ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ۚ ذَٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهُ (البینۃ: 8)

امام احمد رحمۃ اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے کہ ایک آدمی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور آپ سے کچھ سوال کرنے لگا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک بار اس کے سر کی طرف دیکھتے اور دوسری بار اس کے پاؤں کی طرف، اس طرح آپ اس کو دیکھ رہے تھے۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے پوچھا: تیرا مال کتنا ہے؟ اس نے کہا: چالیس اونٹ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں نے کہا اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول معظم ﷺ نے سچ فرمایا ہے: اگر ابن آدم کے پاس سونے کی دو وادیاں ہوں تو وہ یقیناً تیسری کی خواہش کرے گا اور مٹی کے سوا کوئی شے ابن آدم کے پیٹ کو نہیں بھر سکتی اور اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرماتا ہے جو توبہ کرے۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟

1۔ تفسیر قرطبی، جلد 7، صفحہ 229

تو میں نے کہا حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے مجھے اس طرح پڑھایا ہے۔ تو آپ نے فرمایا تم ہمیں ان کی طرف لے چلو۔ چنانچہ آپ حضرت ابی کے پاس آئے اور فرمایا کیا تم اس طرح کہتے ہو؟ تو حضرت ابی نے کہا مجھے رسول اللہ ﷺ نے یہ اسی طرح پڑھایا ہے۔ آپ نے پوچھا: تب تم نے اسے مصحف میں لکھ دیا؟ انہوں نے جواب دیا: ہاں۔ "ولو ان لابن آدم وادیین من ذھب لابتغی ثالثا ولا یملأ جوف ابن آدم الا التراب ویتوب اللہ علی من تاب"

امام ابن قریش رحمہ اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ قول بیان کیا ہے کہ میں نے کہا: اے امیر المومنین! حضرت ابی رضی اللہ عنہ دعویٰ کرتے ہیں کہ آپ نے اللہ تعالیٰ کی کتاب میں سے کوئی آیت چھوڑ دی ہے۔ تو آپ نے کہا میں ضرور انہوں نے فرمایا: تم ہمارے ساتھ ابی کے پاس چلو گے۔ مگر انہوں نے انکار کیا تو تمہیں بتلا دیا جائے گا۔ پس جب آپ نے صبح کی نماز پڑھ لی تو آپ حضرت ابی رضی اللہ عنہ کے پاس گئے۔ تو انہوں نے آپ کو اجازت دی اور آپ کو تکیہ پیش کیا۔ آپ نے کہا یہ گمان کیا جاتا ہے کہ تم یہ گمان رکھتے ہو کہ میں نے کتاب اللہ کی کوئی آیت چھوڑ دی ہے۔ میں نے وہ نہیں لکھی۔ تو حضرت ابی نے کہا: بیشک میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ پڑھتے سنا ہے: "لو ان لابن آدم وادیین من مال لابتغی ثالثا ولو ان له ثالثا لابتغی رابعا ولا یملأ جوف ابن آدم الا التراب ویتوب اللہ علی من تاب" تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا میں اسے لکھ دوں؟ انہوں نے جواب دیا: میں آپ کو منع نہیں کرتا۔ راوی کا بیان ہے کہ کیا حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے شک کیا کہ یہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے یا قرآن حکیم ہے۔

امام عبد بن حمید رحمہ اللہ نے حضرت قتادہ رحمۃ اللہ علیہ سے یہ قول بیان کیا ہے کہ جب یہ سورت نازل ہوئی تو حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی ملاقات رسول اللہ ﷺ سے ہوئی تو آپ نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ نے ایک سورت نازل فرمائی ہے اور مجھے حکم فرمایا ہے کہ میں وہ سورت تجھے پڑھاؤں۔ تو انہوں نے عرض کی: کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو حکم دیا ہے؟ آپ نے فرمایا: ہاں۔ تو انہوں نے عرض کی: کیا میرا ذکر کیا گیا ہے؟ فرمایا: ہاں، تب رسول اللہ ﷺ نے انہیں یہ سورت پڑھائی۔

امام عبد الرزاق، عبد بن حمید، ابن جریر، ابن منذر اور ابن ابی حاتم نے حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے اس طرح تفسیر بیان کی ہے: لَمْ يَكُنِ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَالْمُشْرِكِينَ مُنفَكِّينَ کہ اہل کتاب میں سے جن لوگوں نے کفر کیا (وہ) اور مشرکین اپنے کفر و شرک سے باز آنے والے نہیں تھے۔ حَتَّىٰ تَأْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ یہاں تک کہ یہ قرآن ان کے پاس آ گیا۔ رَسُولٌ مِّنَ اللَّهِ يَتْلُو صُحُفًا مُّطَهَّرَةً فرمایا: یہ رسول ہو(ا) قرآن کا انتہائی خوب صورت اور حسین انداز میں ذکر کرتا ہے اور خوب صورت انداز میں اس کی تعریف کرتا ہے۔ وَمَا أُمِرُوا إِلَّا لِيَعْبُدُوا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ حُنَفَاءَ حنفاء سے مراد یہ ہے کہ وہ مائل ہونے والے ہوں (یعنی دین کی طرف رغبت اور میلان ہو) ختنہ کرنے والے اور ماؤں، بیٹیوں سے نکاح کو حرام قرار دینے والے اور دیگر مناسک پر عمل کرنے والے ہوں۔ وَيُقِيمُوا الصَّلَاةَ وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ ۚ وَذَٰلِكَ دِينُ الْقَيِّمَةِ فرمایا یہ وہ دین ہے جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو مبعوث فرمایا اور اسے اپنی ذات کے لئے مقرر اور پسند فرمایا (1)

1۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 30، صفحہ 317-18-19، مطبوعہ ... بیروت

امام ابن منذر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے کہ مُنْفَكِّيْنَ سے مراد ہے باز رہنے والے، چھوڑنے والے۔

امام عبد بن حمید، ابن جریر، ابن منذر اور ابن ابی حاتم نے حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے بیان کیا ہے کہ مُنْفَكِّيْنَ کا معنی ہے باز آنے والے یعنی وہ کفر سے باز آنے والے نہ تھے اور ایمان لانے والے نہ تھے۔ یہاں تک کہ ان کے لئے حق ظاہر ہو جائے۔(1)

امام ابن منذر رحمہ اللہ نے حضرت ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ سے اسی طرح تفسیر بیان کی ہے۔ حَتّٰى تَاْتِیَهُمُ الْبَیِّنَةُ کا معنی ہے یہاں تک کہ ان کے پاس حق آجائے (یعنی یہاں تک کہ ان کے پاس محمد ﷺ تشریف لائے) اور وَذٰلِكَ دِیْنُ الْقَیِّمَةِ سے مراد دین القیم ہے (یعنی یہی دین پختہ اور مضبوط ہے)۔

امام ابن منذر رحمہ اللہ نے حضرت قتادہ رحمۃ اللہ علیہ سے بیان کیا ہے کہ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَیِّنَةُ میں الْبَیِّنَةُ سے مراد حضور نبی کریم ﷺ ہیں۔

امام ابن ابی حاتم نے حضرت مقاتل رحمۃ اللہ علیہ سے یہ قول بیان کیا ہے کہ میں نے حضرت سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ سے کہا: ہم یہ گمان کرتے ہیں کہ نماز اور زکوۃ ایمان میں سے نہیں ہیں، تو انہوں نے یہ آیت پڑھی: وَمَاۤ اُمِرُوْۤا اِلَّا لِیَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ ۙ حُنَفَآءَ وَیُقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَیُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِیْنُ الْقَیِّمَةِ آپ نے کہا: کیا یہ ایمان میں سے ہے یا نہیں؟

امام ابن منذر رحمہ اللہ نے حضرت عطاء بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ سے بیان کیا ہے کہ انہیں بتایا گیا: ایک قوم نے کہا ہے: نماز اور زکوۃ دین میں سے نہیں ہیں (یعنی دین کا جز نہیں ہیں)۔ تو انہوں نے فرمایا: کیا اللہ تعالیٰ یہ نہیں فرماتا: وَمَاۤ اُمِرُوْۤا اِلَّا لِیَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ ۙ حُنَفَآءَ وَیُقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَیُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِیْنُ الْقَیِّمَةِ تو معلوم ہوا کہ نماز اور زکوۃ دین میں سے ہیں۔

امام عبد بن حمید رحمہ اللہ نے حضرت مجاہد رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے کہ جب ان سے ایمان سے متعلق سوال کیا جاتا تو وہ یہ آیت پڑھتے: لَمْ یَكُنِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِیْنَ مُنْفَكِّیْنَ حَتّٰى تَاْتِیَهُمُ الْبَیِّنَةُ ۙ رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ یَتْلُوْا صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ۙ فِیْهَا كُتُبٌ قَیِّمَةٌ ؕ وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَیِّنَةُ ؕ وَمَاۤ اُمِرُوْۤا اِلَّا لِیَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ۔

امام ابن ابی حاتم رحمہ اللہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے حدیث بیان کی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم اللہ تعالیٰ کے پاس ملائکہ کے مرتبہ اور درجہ پر تعجب کرتے ہو؟ قسم ہے اس ذات کی جس کے دست قدرت میں میری جان ہے! قیامت کے دن بندہ مومن کا مرتبہ اللہ تعالیٰ کے ہاں فرشتے کے مرتبہ سے کہیں بڑا اور عظیم ہوگا، اگر تم چاہو تو یہ آیت پڑھو: اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ اُولٰٓىِٕكَ هُمْ خَیْرُ الْبَرِیَّةِ۔

امام ابن مردویہ رحمہ اللہ نے ذکر کیا ہے کہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے بیان فرمایا: میں نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں مخلوق میں سے معزز و مکرم کون ہے؟ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے عائشہ! کیا تو یہ آیت

1۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 30، صفحہ 311، داراحیاء التراث العربی بیروت

مجھے یہ حق ہے اللہ تعالیٰ نے اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ۔

ابن عساکر رحمہ اللہ نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما سے روایت نقل کی ہے کہ ہم حضور نبی کریم ﷺ کے پاس موجود تھے کہ اتنے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ آئے تو حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے دست قدرت میں میری جان ہے! بے شک یہ اور اس کے گروہ قیامت کے دن کامیاب ہیں۔ پھر یہ آیت نازل ہوئی اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ آتے تو صحابہ کرام کہا کرتے: خَيْرُ الْبَرِيَّةِ، ساری مخلوق سے بہتر آگیا ہے۔(1)

امام ابن عدی اور ابن عساکر رحمہما اللہ نے حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے مرفوع روایت بیان کی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ہیں۔(2)

امام ابن عدی رحمہ اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ قول نقل کیا ہے جب یہ آیت نازل ہوئی اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ تو رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرمایا: تم اور تمہارا گروہ ہے قیامت کے دن یوں (اللہ سے) راضی ہوں گے اور (اللہ) ان سے راضی ہوگا۔

امام ابن مردویہ رحمہ اللہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مرفوع بیان کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا: کیا تو نے اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد نہیں سنا اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ یہ تو اور تیرا گروہ ہے، میرے اور تمہارے وعدہ کی جگہ حوض ہے۔ جب امتیں حساب کے لیے لائی جائیں گی تو تمہیں غُرًّا محجلین بلایا جائے گا۔

1۔ تاریخ مدینہ دمشق، جلد 42، صفحہ 371، دارالفکر بیروت
2۔ ایضاً

آیاتہا ۸　　سورۃ الزلزال مدنیۃ　　رکوعہا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۙ﴿۱﴾ وَ اَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ۙ﴿۲﴾ وَ
قَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ۚ﴿۳﴾ یَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا ۙ﴿۴﴾ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى
لَهَا ؕ﴿۵﴾ یَوْمَئِذٍ یَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا ۙ۬ لِّیُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ؕ﴿۶﴾ فَمَنْ یَّعْمَلْ
مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَیْرًا یَّرَهٗ ؕ﴿۷﴾ وَ مَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا یَّرَهٗ ﴿۸﴾

"جب تھرتھرا دی جائے گی زمین پوری شدت سے۔ اور باہر پھینک دے گی زمین اپنے بوجھ (یعنی دفینے) اور انسان (حیران ہو کر) کہے گا اسے کیا ہو گیا۔ اس روز وہ بیان کر دے گی اپنے سارے حالات کیونکہ آپ کے رب نے اسے (یہی) حکم بھیجا ہے۔ اس روز پلٹ آئیں گے لوگ گروہ در گروہ تاکہ انہیں دکھا دیئے جائیں ان کے اعمال۔ پس جس نے ذرہ برابر نیکی کی ہوگی وہ اسے دیکھ لے گا۔ اور جس نے ذرہ برابر برائی کی ہوگی وہ (بھی) اسے دیکھ لے گا"۔

ابن مردویہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ بیان کیا ہے کہ سورۃ اذا زلزلت مدینہ طیبہ میں نازل ہوئی۔

ابن ابی حاتم نے ... حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے یہ بیان نقل کیا ہے کہ اذا زلزلت مدینہ طیبہ میں نازل ہوئی۔

امام احمد، ابوداؤد، نسائی، محمد بن نصر، ابن حبان، حاکم اور بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے یہ روایت بیان کی ہے کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ مجھے پڑھائیے۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: راء والی سورتوں میں سے تین پڑھ۔ تو اس آدمی نے عرض کی: میری عمر بڑھ گئی ہے، دل سخت ہو چکا ہے اور زبان موٹی ہو گئی ہے (یعنی ثقل گویائی پیدا ہو گیا ہے) تو پھر آپ ﷺ نے فرمایا: حم والی سورتوں میں سے تین پڑھ۔ تو اس نے پھر پہلے جیسی گفتگو کی تو پھر آپ نے فرمایا: مسبحات (سبح، یسبح سے شروع ہونے والی) میں سے تین پڑھ۔ تو اس نے پھر پہلے کی طرح کلام کی اور عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ آپ مجھے ایک جامع سورۃ پڑھا دیجئے۔ تو آپ ﷺ نے اسے اذا زلزلت الارض زلزالہا پڑھائی۔ یہاں تک کہ آپ اس سے فارغ ہو گئے تو اس آدمی نے کہا: قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے میں اس پر کبھی اضافہ نہیں کروں گا۔ پھر وہ آدمی واپس چلا گیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "افلح الرویجل، افلح الرویجل" (وہ آدمی کامیاب ہو گیا، وہ آدمی کامیاب ہو گیا) (1)

1۔ سنن ابوداؤد، جلد 1، صفحہ 199، مطبوعہ وزارت تعلیم اسلامی

امام ترمذی، ابن مردویہ اور بیہقی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے حدیث بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
جس نے اذا زلزلت پڑھی تو یہ اس کے لیے نصف قرآن کے برابر ہے۔ اور جس نے قل ھو اللہ احد پڑھی یہ اس کے لیے
ثلث قرآن کے مساوی ہے اور جس نے قل یایھا الکفرون پڑھی تو یہ اس کے لیے چوتھائی قرآن کے برابر ہے۔(1)

امام ترمذی، ابن ضریس، محمد بن نصر، حاکم اور آپ نے اس روایت کو صحیح قرار دیا ہے اور بیہقی رحمہم اللہ نے حضرت ابن
عباس رضی اللہ عنہما سے یہ روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اذا زلزلت نصف قرآن کے برابر ہے۔ قل ھو
اللہ احد ثلث قرآن کے مساوی ہے اور قل یایھا الکفرون چوتھائی قرآن کے مساوی ہے۔(2)

امام ابن مردویہ رحمہ اللہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کی ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ
فرماتے سنا ہے کہ جس کسی نے رات کے وقت اذا زلزلت پڑھی تو یہ اس کے لیے نصف قرآن کے مساوی ہے

امام ابوداؤد اور بیہقی رحمہما اللہ نے سنن میں بنو جہینہ کے ایک آدمی سے روایت بیان کی ہے کہ اس نے حضور نبی کریم
ﷺ کو سنا کہ حضور نبی کریم ﷺ نے صبح کی دونوں رکعتوں میں اذا زلزلت الارض پڑھی۔ میں نہیں جانتا کہ آپ
ﷺ نے بھول کر ایسا کیا یا ارادۃً پڑھی۔(3)

امام سعید بن منصور نے حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے اصحاب کو فجر
کی نماز پڑھائی اور آپ نے پہلی رکعت میں اذا زلزلت الارض پڑھی، پھر دوسری رکعت میں بھی اسے دوبارہ پڑھی۔

امام احمد، محمد بن نصر، طبرانی اور بیہقی رحمہم اللہ نے سنن میں حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے حضور نبی کریم
ﷺ وتر کے بعد دو رکعتیں بیٹھ کر پڑھتے تھے۔ اور آپ ان میں اذا زلزلت اور قل یایھا الکفرون پڑھتے تھے۔(4)

بیہقی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ وتر کے بعد دو رکعتیں بیٹھ کر پڑھتے
تھے۔ آپ ﷺ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے ساتھ اذا زلزلت اور دوسری میں قل یایھا الکفرون پڑھتے تھے۔(5)

امام خطیب رحمہ اللہ نے تاریخ میں حضرت علی رحمۃ اللہ علیہ سے بیان کیا ہے کہ جس نے اذا زلزلت پڑھی تو یہ قرآن
کریم کے سولہ حصے سے ایک کے برابر ہوتی ہے۔

امام ابن مردویہ رحمہ اللہ نے حضرت عاصم رحمۃ اللہ علیہ سے بیان کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا: کہا جاتا ہے: قل ھو اللہ
احد قرآن کریم کا تیسرا حصہ ہے۔ اذا زلزلت الارض نصف قرآن ہے۔ اور قل یایھا الکفرون قرآن کا چوتھائی ہے۔

امام عبد بن حمید، ابن جریر، ابن منذر، ابن ابی حاتم اور ابن مردویہ رحمہم اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس
طرح تفسیر بیان کی ہے کہ اذا زلزلت الارض زلزالہا یعنی جب زمین اپنے نیچے کی جانب سے حرکت کرے گی۔ و اخرجت
الارض اثقالہا اور زمین اپنے مردوں کو باہر نکال دے گی۔ وقال الانسان مالہا فرمایا کافر کے لیے کہا گیا ہے۔

1۔ سنن ترمذی، جلد 2، صفحہ 113، ... — 2۔ ایضاً — 3۔ ... جلد 17، صفحہ 118 ...
4۔ سنن کبریٰ بیہقی جلد 3 صفحہ ... دار الفکر بیروت — 5۔ ایضاً

يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَهَا پر روایت فرمانے کا ذکر ہے۔ تو وہ کیسی باتیں؟ بِأَنَّ رَبَّكَ أَوْحَى لَهَا فرمایا کہ آپ کے رب نے اسے یہی حکم بھیجا ہے۔ يَوْمَئِذٍ يَصْدُرُ النَّاسُ أَشْتَاتًا فرمایا: اس دن لوگ ہر طرف سے گروہ در گروہ واپس آئیں گے۔

امام فریابی، عبد بن حمید، ابن جریر، ابن منذر اور ابن ابی حاتم رحمہم اللہ نے حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے یہ مفہوم نقل کیا ہے: وَأَخْرَجَتِ الْأَرْضُ أَثْقَالَهَا فرمایا: اور زمین اپنے اندر سے تمام چیزیں نکال دے گی جو اس میں ہیں۔ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَهَا فرمایا: اس دن زمین لوگوں کو ان اعمال کے بارے خبردار کرے گی جو اعمال وہ اس پر کرتے رہے۔ بِأَنَّ رَبَّكَ أَوْحَى لَهَا فرمایا: کیونکہ آپ کے رب نے زمین سے فرمایا ہے جو وہ اپنے اندر رکھے ہوئے ہے اسے باہر پھینک دے گی۔(1)

ابن ابی حاتم نے حضرت عطیہ عوفی رحمۃ اللہ علیہ سے یہ مفہوم بیان کیا ہے کہ أَثْقَالَهَا سے مراد زمین میں مدفون خزانے اور مردے ہیں۔

امام مسلم رحمہ اللہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: زمین اپنے جگر پاروں کو اور سونے چاندی کے ستونوں کی شکل اگل دے گی، پھر قاتل آئے گا اور وہ کہے گا میں نے اس کی وجہ سے قتل کیا ہے۔ قطع تعلق کرنے والا آئے گا اور کہے گا: میں نے اس کی وجہ سے قطع رحمی کی، اور چور آئے گا اور کہے گا اس میں میرا ہاتھ کاٹا گیا۔ پھر وہ اسے چھوڑ دیں گے اور اس سے کوئی چیز نہیں لیں گے۔(2)

امام احمد، عبد بن حمید، ترمذی اور آپ نے اس روایت کو حسن قرار دیا ہے، نسائی، ابن جریر، ابن منذر، حاکم اور آپ نے اس روایت کو صحیح قرار دیا ہے، ابن مردویہ اور بیہقی رحمہم اللہ نے شعب الایمان میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت پڑھی: يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَهَا اور فرمایا: کیا تم جانتے ہو اس کی خبریں کیا ہیں؟ لوگوں نے عرض کی: اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول معظم ﷺ ہی بہتر جانتے ہیں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک زمین کی خبریں یہ ہیں کہ یہ ہر اس عمل کے بارے شہادت دے گی جو کسی بندے یا بندی نے اس کی پشت پر کیا ہوگا۔ زمین کہے گی: اس بندے نے یہ عمل فلاں فلاں دن کیا۔ اور یہی اس کا اپنے مالک سے آگاہ کرنے اور اس کی خبر دینے کا مفہوم ہے۔(3)

امام ابن مردویہ اور بیہقی رحمہما اللہ نے شعب الایمان میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک زمین قیامت کے روز ہر اس عمل کے بارے آگاہ کرے گی جو اس کی پشت پر کیا گیا۔ اور آپ ﷺ نے یہ آیات تلاوت فرمائیں: إِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ زِلْزَالَهَا وَأَخْرَجَتِ الْأَرْضُ أَثْقَالَهَا وَقَالَ الْإِنسَانُ مَا لَهَا يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَهَا یہاں تک کہ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو اس کے خبر دینے کا مفہوم کیا ہے؟ پھر فرمایا: میرے پاس حضرت جبرائیل امین علیہ السلام تشریف لائے اور انہوں نے بیان کیا: اس کا مفہوم یہ ہے کہ جب قیامت کا دن ہوگا تو زمین اپنی پشت پر کیے گئے ہر عمل کے بارے آگاہ کر دے گی۔(4)

طبرانی نے حضرت ربیعہ جرشی رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم زمین سے بچو یہ

1۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 30، صفحہ 23-322
2۔ صحیح مسلم، جلد 1، صفحہ 326، قدیمی کتب خانہ کراچی
3۔ سنن ترمذی، جلد 2، صفحہ 171، وزارت تعلیم اسلام آباد
4۔ شعب الایمان، جلد 6، صفحہ 453 (7296)، دار الکتب العلمیہ بیروت

… اور قیامت کے دن … اس سے … جو عمل کرے گا وہ اس کو دیکھ لے گا اس کے بارے میں پوچھا گیا۔

… حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے … نے بیان کیا … اس نے …

… آیت … اور حضرت … پڑھتے … جب … تو … نے …

… جب … آیت پڑھی گئی … إِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ زِلْزَالَهَا

وَأَخْرَجَتِ الْأَرْضُ أَثْقَالَهَا وَقَالَ الْإِنسَانُ مَا لَهَا يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَهَا تو … نے … کہ … سے

… قیامت … ہے۔

امام … نے مصنف میں، عبد بن حمید، ابن جریر، ابن منذر اور ابن الانباری نے المصاحف میں حضرت … بن

… سے یہ قول بیان کیا ہے کہ … نے حضرت … رضی اللہ عنہ قرأت … مسعود رضی اللہ عنہ سے … کیا ہے

… يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَهَا … وہ … ایک … يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَهَا۔ (1)

امام … نے حضرت … رحمہ اللہ علیہ سے بیان کیا ہے کہ يَوْمَئِذٍ يَصْدُرُ النَّاسُ … اس دن لوگ … ہو

… اور … کے بعد … پر … ہوں گے۔ … الفاظ … جاتا ہے۔

امام … بن … ابن ابی حاتم، طبرانی نے الاوسط میں، حاکم نے … ابن مردویہ اور بیہقی رحمہم اللہ نے

شعب الایمان میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث بیان کی ہے … کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے … کھا رہے تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ آیات اتریں۔ فَمَن يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ

وَمَن يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ تو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کھانے سے ہاتھ اٹھا لیا اور عرض کی: یا رسول اللہ!

صلی اللہ علیہ وسلم … ہر … تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابو بکر! تیرا کیا خیال ہے

کہ … وہ … تو … شر کے … ہیں … تیرے لیے خیر … کے … جمع

کی جاتی رہتی ہے … قیامت کے دن … تجھے پوری طرح … دے گا۔ (2)

امام اسحاق بن راہویہ … اور … مردویہ … حضرت اسماء رضی اللہ عنہا سے یہ قول بیان کیا ہے کہ

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ … کھا رہے تھے … یہ … نازل ہوئی۔ فَمَن

يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ وَمَن يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ تو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ … رک گئے

… یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم … جو … کیا ہے … دیکھیں گے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: … دنیا میں تم

… کی … دیکھتے ہو … جس سے … جاتی ہے اور آخرت میں … اس کے

لیے خیر … جمع کی جاتی ہیں۔ (3)

1۔ … جلد 30، صفحہ 322، … التراث العربی بیروت 2۔ … جلد 8، صفحہ 194

3۔ … جلد 2، صفحہ 580، … دار الکتب العلمیہ بیروت

اور ابن ابی الدنیا نے کتاب البکاء میں، عبد بن حمید، ابن جریر، طبرانی، ابن مردویہ اور بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے یہ قول نقل کیا ہے کہ جب اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا نازل ہوئی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بیٹھے ہوئے تھے۔ تو آپ رونے لگے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: اے ابوبکر! تجھے کون سی شے رلا رہی ہے؟ عرض کی: مجھے یہ سورت رلا رہی ہے۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم خطا نہ کرتے اور گناہ نہ کرتے کہ اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت فرمائے تو یقینا اللہ تعالیٰ ایک اور امت پیدا فرماتا جو گناہ کرتی اور وہ ان کی مغفرت فرماتا۔ (1)

امام ابن مردویہ نے حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے یہ روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کھانا تناول فرما رہے تھے کہ اسی دوران آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ آیت نازل ہوئی فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک کھانے سے روک لیا۔ پھر فرمایا: تم میں سے جس نے خیر کا عمل کیا تو اس کی جزا آخرت میں ہے اور تم میں سے جس نے برائی کا عمل کیا تو وہ اسے دنیا میں مصیبتوں اور بیماریوں کی صورت میں دیکھ لے گا۔ اور جس نے ذرہ برابر بھی خیر و بھلائی کی ہوگی وہ جنت میں داخل ہوگا۔

امام ابن مردویہ رحمہ اللہ نے حضرت ابو ادریس خولانی رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کی ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کھانا تناول فرما رہے تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ آیت نازل ہوئی فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنا ہاتھ روک لیا اور عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا ہم ان اعمال کو دیکھیں گے جو ہم نے شر اور برائی کے عمل کیے ہیں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوبکر! تم ان کے بارے میں جو دیکھتے ہو جسے تم ناپسند کرتے ہو اور وہ شر کی مقداریں ہیں۔ وہ تیرے لیے خیر اور بھلائی کی مقداروں کو جمع کر رہا ہے یہاں تک کہ قیامت کے دن تو اسے پائے گا اور اس کی تصدیق کتاب اللہ میں بھی ہے وَمَاۤ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ (الشوریٰ)۔

امام ابن ابی حاتم رحمہ اللہ نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ تو میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا میں اپنے عمل کو دیکھوں گا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں۔ میں نے عرض کی: کیا وہ بڑے بڑے عمل؟ آپ نے فرمایا: ہاں۔ پھر میں نے عرض کی: کیا چھوٹے چھوٹے عمل بھی؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں۔ میں نے کہا: ہائے افسوس میری ماں مجھے روئے۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابو سعید! خوش ہو جاؤ کیونکہ نیکی کا بدلہ دس گنا ہے بلکہ سات سو گنا تک ہے اور اللہ تعالیٰ جس کے لیے چاہے گا بڑھا دے گا اور برائی کا بدلہ اسی کی مثل ہوگا یا اللہ تعالیٰ معاف فرما دے گا۔ اور تم میں سے کوئی بھی اپنے عمل کے سبب ہرگز کامیاب نہیں ہوگا۔ میں نے عرض کی: یا نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا آپ بھی؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں بھی نہیں مگر مجھے اللہ تعالیٰ نے رحمت کے ساتھ ہر جانب سے ڈھانپ رکھا ہے۔

1۔ شعب الایمان، جلد 5، صفحہ 410 (7103)، دارالکتب العلمیہ بیروت

[illegible]

[illegible] (1)

[illegible] (2)

[illegible] (3)

[illegible]

[illegible] 30 [illegible] 324 [illegible] 2 [illegible]

[illegible] (11513) [illegible]

[illegible] رسول اللہ ﷺ [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ [illegible]

[illegible] (1)

[illegible] رسول اللہ ﷺ [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ [illegible]

[illegible]

[illegible] فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ [illegible]

[illegible] (2)

[illegible] فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ [illegible]

[illegible] "الجامعة الفاذة" [illegible]

[illegible]

[illegible] فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ [illegible]

---

1. [illegible] جلد 3، صفحہ 448، 387 [illegible]

2. [illegible] جلد 3، صفحہ 448، 3070 [illegible] 3، 3559

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

1. [illegible]

2. [illegible]

نے پاس آیا تو آپ ﷺ نے [illegible] یہ سورت پڑھی [illegible] ایک کھجور صدقہ کرے [illegible] [illegible] ہیں۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے ذکر کیا ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ [illegible] میں داخل [illegible]

میں [illegible] سب سے بڑی [illegible] ہے۔

امام حسن بن سفیان نے [illegible] اور ابو [illegible] حبان نے [illegible] حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ پر [illegible] [illegible] [illegible] اللہ تعالیٰ [illegible] اپنے اعمال [illegible] اللہ تعالیٰ [illegible] [illegible] فَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ وَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ۔

امام مالک، امام بخاری، امام احمد، امام مسلم، امام نسائی، امام ابن ماجہ رحمہم اللہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے حدیث بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: گھوڑے تین آدمیوں کے لیے ہیں: ایک کے لیے اجر ہے، ایک کے لیے پردہ ہے اور ایک پر بوجھ ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ آپ ﷺ سے گدھے کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: مجھ پر اس آیۃ الجامعۃ الفاذۃ کے علاوہ ان کے بارے میں کچھ نازل نہیں ہوا: فَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ وَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ (1)۔

1۔ صحیح بخاری، جلد 2، صفحہ 741 [illegible]

آیاتہا ۱۱ | سورۃ العٰدیٰت مکیۃ | رکوعہا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

وَ الْعٰدِیٰتِ ضَبْحًا ۟ۙ فَالْمُوْرِیٰتِ قَدْحًا ۟ۙ فَالْمُغِیْرٰتِ صُبْحًا ۟ۙ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۟ۙ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ۟ۙ اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ ۟ۚ وَ اِنَّهٗ عَلٰی ذٰلِكَ لَشَهِیْدٌ ۟ۚ وَ اِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ ۟ؕ اَفَلَا یَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِی الْقُبُوْرِ ۟ۙ وَ حُصِّلَ مَا فِی الصُّدُوْرِ ۟ۙ اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ یَوْمَىِٕذٍ لَّخَبِیْرٌ ۟۠

"قسم ہے ان دوڑنے والے گھوڑوں کی جب وہ ہانپتے ہوئے دوڑتے ہیں۔ پھر پتھروں سے آگ نکالتے ہیں سم مار کر۔ پھر اچانک حملہ کرتے ہیں صبح کے وقت۔ پھر اس سے گرد و غبار اڑاتے ہیں۔ پھر اس وقت (دشمن کے) لشکر میں گھس جاتے ہیں۔ بے شک انسان اپنے رب کا بڑا ناشکر گزار ہے۔ اور وہ اس پر (خود) گواہ ہے۔ اور بلاشبہ وہ مال کی محبت میں بڑا سخت ہے۔ کیا وہ اس وقت کو نہیں جانتا جب نکال لیا جائے گا جو کچھ قبروں میں ہے۔ اور ظاہر کر دیا جائے گا جو سینوں میں (پوشیدہ) ہے۔ یقیناً ان کا رب ان سے اس روز خوب باخبر ہوگا"۔

امام ابن مردویہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے کہ سورۃ والعٰدیٰت مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔

امام ابو عبید رحمہ اللہ نے فضائل میں حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے مرسلاً بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اِذَا زُلْزِلَتْ نصف قرآن کے برابر ہے اور وَالْعٰدِیٰتِ نصف قرآن کے برابر ہے

امام محمد بن نصر رحمہ اللہ نے حضرت عطاء بن ابی رباح رحمہ اللہ کی سند سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اِذَا زُلْزِلَتْ نصف قرآن کے برابر ہے۔ وَالْعٰدِیٰتِ نصف قرآن کے برابر ہے۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ تہائی قرآن کے برابر ہے۔ اور قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ چوتھائی قرآن کے برابر ہے۔

امام بزار، ابن منذر، ابن ابی حاتم، دارقطنی نے افراد میں اور ابن مردویہ، حاکم رحمہم اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے گھڑ سواروں کا دستہ بھیجا انہیں ایک مہینہ گزر گیا اور ان کے بارے کوئی خبر موصول نہ ہوئی تو یہ سورت نازل ہوئی وَالْعٰدِیٰتِ ضَبْحًا قسم ہے تیز دوڑنے والے گھوڑوں کی جنہوں نے سینے سے آواز نکالی۔ اور ان گھوڑوں کے سموں سے پتھروں سے آگ نکالی۔ فَالْمُغِیْرٰتِ صُبْحًا جنہوں نے قوم پر صبح کے وقت حملہ کیا۔ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا اپنے کھروں سے مٹی اڑائی۔ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا انہوں نے قوم (دشمن) کے ساتھ

نکلتی ہے گی (چنگاریاں بھی نکلتی ہیں)۔

امام ابن مردویہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک گھڑ سوار دستہ بھیجا ایک مہینہ تک اس کی اطلاع نہ آئی۔ وحی نازل ہوئی جس میں آپ ﷺ کو اس کی خبر دی گئی کہ وہ کس حال میں ہیں تو آپ ﷺ نے فرمایا والعادیات ضبحا سے مراد گھوڑے ہیں۔ وہ نتھنوں سے اس طرح سانس لیتے ہیں جیسے ہانپ رہے ہوں (یعنی دوڑنے اور چلنے سے ہانپ رہے) فالموریات قدحا فرمایا جس وقت گھوڑے چلتے ہیں تو اپنے سموں سے پتھروں کے ساتھ ٹکرا کر آگ روشن کرتے ہیں۔ فالمغیرات صبحا فرمایا وہ گھوڑے جو صبح کے وقت دشمن پر حملہ کرتے ہیں۔ فاثرن به نقعا فرمایا وہ گھوڑے جو اپنے سموں سے غبار اڑاتے ہیں۔ یعنی گھوڑے تیز دوڑتے ہیں اور اس کا غبار۔ فوسطن به جمعا فرمایا اس میں جمعا سے مراد دشمن ہے (یعنی پھر وہ اس وقت دشمن کے لشکر میں گھس جاتے ہیں)۔

امام عبد بن حمید نے حضرت ابو صالح رحمہ اللہ سے روایت بیان کی ہے کہ میں نے حضرت عکرمہ رحمہ اللہ علیہ سے العادیات کی شان میں بات چیت کی تو انہوں نے کہا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا یہ میدان جنگ کے گھوڑے ہیں اور وہ اس وقت ہانپتے ہیں جب تنگ پڑ جاتے ہیں (آگے بڑھنے کے لیے) یعنی تھوڑی باقی ہیں۔ فالموریات قدحا فرمایا انہوں نے مشرکین کو ان سے آگ روشن کرتے۔ فالمغیرات صبحا فرمایا جب کہ وہ صبح کے وقت دشمن پر حملہ آور ہوتے۔ فوسطن به جمعا فرمایا جب کہ وہ دشمنوں کے درمیان گھس جاتے۔ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا یہ حج کے اونٹ ہیں اور میرا قول اس سے زیادہ صحیح ہے۔

امام ابن جریر، ابن ابی حاتم، ابن الانباری نے کتاب الاضداد میں اور حاکم نے روایت بیان کی اور اسے صحیح قرار دیا ہے اور ابن مردویہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ قول بیان کیا ہے اس اثنا میں کہ میں حجر میں بیٹھا ہوا تھا کہ میرے پاس ایک آدمی آیا اور اس نے والعادیات ضبحا کے بارے میں پوچھا تو میں نے کہا کہ گھوڑے (گھڑ سوار) جس وقت اللہ تعالیٰ کے راستے میں حملہ آور ہوتے ہیں۔ پھر وہ رات کے وقت پناہ لیتے ہیں تو وہ کھانا پکانے کا اہتمام کرتے ہیں اور اپنے لیے آگ روشن کرتے ہیں۔ تو وہ مجھ سے رخصت ہو گیا اور میرے پاس سے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے پاس چلا گیا۔ اس وقت آپ زمزم کے قریب تشریف فرما تھے اور اس نے آپ سے والعادیات ضبحا کے بارے میں پوچھا۔ تو آپ نے فرمایا کیا تو نے مجھ سے پہلے کسی اور سے اس کے بارے میں پوچھا ہے؟ اس نے جواب دیا ہاں میں نے اس کے بارے میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا ہے۔ تو انہوں نے فرمایا ہے کہ اس سے مراد گھوڑے ہیں جب کہ وہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں حملہ آور ہوتے ہیں۔ تو آپ نے اسے فرمایا جاؤ اور انہیں میرے پاس بلا لاؤ۔ پس جب میں آپ کے پاس آ کر کھڑا ہوا تو آپ نے فرمایا تو لوگوں کو اس شے کے بارے فتویٰ دیتا ہے جس کا تجھے علم نہیں ہے۔ ایک غزوہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے پاس تھا اور ایک حضرت مقداد بن اسود کا تھا تو والعادیات ضبحا کیسے ہو سکتے ہیں۔

[illegible] والعدیت ضبحا [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] والعدیت ضبحا [illegible] فالمغیرت صبحا [illegible] فاثرن به نقعا [illegible] فوسطن به جمعا [illegible]

[illegible] والعدیت ضبحا [illegible]

[illegible]

[illegible]

حضرت عطاء سے روایت کیا، انہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ مفہوم نقل کیا ہے کہ وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا فرمایا: گھوڑے
اور گھوڑوں کے سوا چوپاؤں میں سے کوئی بھی سینے سے آواز نہیں نکالتا۔ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا فرمایا: آدمی کا مکر جو حق ہے
جس سے آگ سلگائی۔ فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا فرمایا: گھوڑوں سے صبح سویرے حملہ کرنا۔ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا سے مراد غبار ہے
جو گھوڑوں کے سموں کے ساتھ اڑتا ہے۔ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا فرمایا: وہ دشمن کے لشکر میں گھس جاتے ہیں۔ حضرت
ابو… رضی اللہ عنہ نے کہا: کہ حضرت عبد اللہ یہ کہا کرتے تھے کہ یہ گھوڑوں کی صفات ہیں۔ (1)

امام ابن جریر اور ابن مردویہ رحمہما اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ مفہوم نقل کیا ہے کہ وَالْعٰدِيٰتِ سے مراد تیز
دوڑنے والے گھوڑے ہیں۔ اور ضَبْحًا سے مراد ان کا ہلکا سا آواز نکالنا ہے۔ کیا تو نے دیکھا نہیں کہ گھوڑا جب دوڑتا ہے تو وہ
اس طرح آواز نکالتا ہے جسے ضَبْحًا کہتے ہیں۔ (2)

ابن جریر نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ ضَبْحًا کا معنی گھوڑے کا ہانپنا اور دوڑتے وقت سانس نکالنا ہے۔ (3)

امام عبد الرزاق، عبد بن حمید اور ابن جریر رحمہم اللہ نے حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے یہ تفسیر بیان کی ہے وَالْعٰدِيٰتِ
ضَبْحًا فرمایا: یہ قسم ہے ایسے گھوڑوں کی جو تیز دوڑتے ہیں یہاں تک کہ سینے سے آواز نکالنے لگتے ہیں۔ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا
فرمایا: وہ اپنے سموں کے ساتھ آگ روشن کرتے ہیں۔ فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا، وہ صبح کے وقت حملہ کرتے ہیں۔ فَاَثَرْنَ بِهٖ
نَقْعًا، وہ گرد و غبار اڑاتے ہیں۔ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا، وہ (دشمن) کے لشکر میں گھس جاتے ہیں۔ اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ
لَكَنُوْدٌ بے شک انسان اپنے رب کا بڑا ناشکرا ہے۔ (4)

امام ابن ابی شیبہ اور عبد بن حمید رحمہما اللہ نے حضرت ابو صالح رحمۃ اللہ علیہ سے اس طرح نقل کیا ہے وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا فرمایا: یہ تیز
دوڑنے والے گھوڑوں کی قسم ہے کیا تو نے گھوڑے کی طرف دیکھا نہیں کہ جب وہ تیز دوڑتا ہے تو کس طرح آواز نکالتا ہے۔
اونٹ بھی اسی طرح کی آواز نہیں نکالتا۔ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا فرمایا: اس سے مراد مکر ہے۔ جب کوئی آدمی اپنے ساتھی کے
ساتھ مکر و فریب کرنے کا ارادہ کرے تو عرب کہتے ہیں: "اما واللہ لاقدحن لک ثم لاورین" "قسم بخدا! میں تیرے لیے
چقماق رگڑوں گا پھر آگ سلگاؤں گا۔" فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا فرمایا: وہ گھوڑے جو صبح کے وقت حملہ کرنے والے ہیں۔ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا
اور اپنے پاؤں کے ساتھ گرد و غبار اڑانے والے ہیں۔ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا، دشمن کے لشکر میں گھس جانے والے ہیں۔
اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ بے شک انسان اپنے رب کا بڑا ناشکرا ہے۔

امام عبد بن حمید رحمہ اللہ نے حضرت عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ سے اسی طرح بیان کیا ہے وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا، اس سے مراد گھوڑوں کی
قسم ہے کیا تو نے گھوڑے کو دیکھا نہیں کہ جب وہ دوڑتا ہے تو سینے سے آواز نکالتا ہے۔ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا فرمایا:

1۔ تفسیر عبد الرزاق، جلد 3، صفحہ 452 (3678)، دار الکتب العلمیہ بیروت
2۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 30، صفحہ 331، داراحیاء التراث العربی بیروت 3۔ ایضاً، جلد 30، صفحہ 330
4۔ تفسیر عبد الرزاق، جلد 3، صفحہ 451-52

ان سے مراد گھوڑے ہیں۔ فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا فرمایا: صبح کے وقت حملہ کرتے ہیں۔ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا فرمایا: اس میں نقعًا سے مراد غبار ہے۔ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا فرمایا: اس میں جمعًا سے مراد دشمن کا لشکر ہے۔ لکنود ناشکری کرنے والا ہے جو مصیبتوں کو شمار کرتا ہے اور نعمتوں کو بھول جاتا ہے۔

امام ابن جریر رحمہ اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے۔ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا سے مراد گھوڑے ہیں جب وہ چلتے ہیں تو پتھروں سے آگ نکالتے ہیں۔

امام طستی رحمہ اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے کہ حضرت نافع بن ازرق رحمہ اللہ نے ان سے کہا: مجھے ارشاد باری تعالیٰ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا کے بارے میں بتائیے تو آپ نے فرمایا: نقعًا سے مراد وہ غبار ہے جو گھوڑوں کے سموں کے ساتھ اڑتا ہے۔ تو نافع نے پوچھا: کیا عرب بھی اس معنی سے واقف ہیں؟ آپ نے فرمایا: ہاں، کیا تو نے حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کو نہیں سنا وہ کہتے ہیں:

عدمنا خيلنا ان لم تروها　　تثير النقع موعدها كداء

"ہم نے گھوڑے گم کر دیئے اگر تم نے انہیں نہ دیکھا جو غبار اڑا رہے ہوں گے اور ان کا ٹھکانہ مقام کداء ہوگا۔"

پھر نافع نے کہا: مجھے ارشاد باری تعالیٰ اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ کا معنی بتائیے۔ تو آپ نے فرمایا: کنود سے مراد نعمتوں کا انکار کرنے والا اور ناشکری کرنے والا ہے اور یہ وہ ہے جو اکیلا کھانا کھاتا ہے، اپنے ساتھیوں کو نہیں دیتا، اپنے غلام کو مارتا ہے۔ نافع نے کہا: کیا اہل عرب اس معنی سے واقف ہیں؟ آپ نے فرمایا: ہاں، کیا تو نے شاعر کا قول نہیں سنا؟ وہ کہتا ہے:

شكرت له يوم العكاظ نواله　　ولم اك للمعروف ثم كنودا

"میں نے عکاظ کے دن اس کی عطا کا شکریہ ادا کیا اور میں نیکی اور احسان کی ناشکری کرنے والا نہیں۔"

امام ابن جریر نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے یہ قول بیان کیا ہے: وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا یعنی دوڑنے والے اونٹوں کی قسم ہے۔ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا جب اونٹوں کے پاؤں کے تلوے پتھروں سے ٹکراتے ہیں تو وہ ایک دوسرے کے ساتھ رگڑ کھاتے ہیں اور ان سے آگ نکلتی ہے۔ فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا یعنی منیٰ سے جس وقت وہ صبح کے وقت چلتے ہیں۔ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا فرمایا: جب وہ اڑتے ہیں تو غبار اڑاتے ہیں۔ (1)

امام عبد بن حمید رحمہ اللہ نے حضرت عکرمہ رحمہ اللہ سے بیان کیا ہے: وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا یعنی دوڑنے والے گھوڑوں کی قسم۔ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا یعنی گھوڑوں کی جو آگ جلاتے ہیں۔ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا وہ اس کے ساتھ دشمن کے لشکر میں گھس جاتے ہیں۔ اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ بے شک انسان اپنے رب کا بڑا ناشکرا ہے۔

امام عبد بن حمید رحمہ اللہ نے حضرت محمد بن کعب قرظی رضی اللہ عنہ سے یہ قول بیان کیا ہے: وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا فرمایا: اس سے مراد اونٹ ہیں جو عرفہ سے مزدلفہ کی طرف جاتے ہیں۔ فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا فرمایا: مزدلفہ سے صبح سویرے منیٰ کی طرف جاتے ہیں۔

1۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 30، صفحہ 34-33-32-333، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

ہیں۔ تو شکر نہیں ادا کرتا اور وہ بعض چیزوں کی فریاد کرتے ہیں۔ قوم سے کہتے ہیں یہ ناشکرا وہ ہی کی چیز منع کرتے ہوئے ہیں۔

امام عبد بن حمید، سعید بن منصور، ابن جریر، ابن منذر، ابن ابی حاتم اور ابن مردویہ نے کئی طرق سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے کہ کنود ہماری زبان میں لَكَنُودٌ سے مراد نعمتوں کی بہت زیادہ ناشکری کرنے والا ہے۔(1)

امام ابن ابی حاتم رحمہ اللہ نے حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا لَكَنُودٌ کا معنی ناشکرا ہے۔

امام عبد بن حمید، بخاری نے الادب میں، حکیم ترمذی اور ابن مردویہ رحمہم اللہ نے حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے کہ لَكَنُودٌ وہ ہے جو تنہا کھاتا ہے، عطیہ روکتا ہے اور اپنے غلام کو مارتا ہے۔

امام ابن جریر، ابن ابی حاتم، طبرانی، ابن مردویہ، دیلمی اور ابن عساکر رحمہم اللہ نے ضعیف سند کے ساتھ حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو کنود کیا ہے؟ صحابہ نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول ﷺ ہی بہتر جانتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس سے مراد وہ ناشکرا ہے جو اکیلا کھاتا ہے، اپنے عطیہ کو روکتا ہے اور اپنے غلام کو مارتا ہے۔(2)

امام بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت قتادہ اور حضرت حسن رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے: اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ کا مفہوم ہے بے شک انسان اپنے رب کی نعمتوں کا بڑا ناشکرا ہے اور اس پر بخل ہے جو اسے عطا کیا جاتا ہے۔ فرمایا: وہ آدمی ہے جو اپنی مصیبتوں کو تو گنتا ہے اور اپنے رب کی نعمتوں کو بھول جاتا ہے، کیا کھاتا ہے ... اور مصیبت ... کی قوم میں نہ ہے وہ کنود ہے ... کوئی بھی اس وقت تک کنود نہیں ہوتا جب تک اس میں یہ تمام خصلتیں نہ پائی جائیں۔(3)

امام سعید بن منصور، عبد بن حمید، ابن جریر، ابن منذر، ابن ابی حاتم اور بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت حسن رحمہ اللہ سے یہ معنی نقل کیا ہے کہ کنود وہ ناشکرا آدمی ہے جو مصائب کو گنتا رہتا ہے اور اپنے رب کی نعمتوں کو بھول جاتا ہے۔(4)

امام ابن منذر رحمہ اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے: وَ اِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ اور بے شک انسان اس پر گواہ ہے۔ وَ اِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ اور بے شک یہ مال کی محبت میں بڑا سخت ہے۔

امام ابن ابی حاتم رحمہ اللہ نے حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے یہ معنی نقل کیا ہے کہ وَ اِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ اس پر گواہ ہے۔

امام عبد بن حمید اور ابن جریر نے حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے کہ وَ اِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ فرمایا: یہ مقدم کلام میں سے ہے مؤخر، فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ اس پر گواہ ہے اور بے شک انسان مال کی محبت میں بڑا سخت ہے۔(5)

1۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 30، صفحہ 336، مطبوعہ داراحیاء التراث العربی بیروت
2۔ ایضاً، جلد 30، صفحہ 337
3۔ شعب الایمان، جلد 4، صفحہ 153 (4628)، دارالکتب العلمیہ بیروت
4۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 30، صفحہ 336
5۔ ایضاً، جلد 30، صفحہ 339

سورۃ القارعہ مکیۃ ۱۰۱ — آیاتہا ۱۱ — رکوعہا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَلْقَارِعَةُ ﴿١﴾ مَا الْقَارِعَةُ ﴿٢﴾ وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا الْقَارِعَةُ ﴿٣﴾ يَوْمَ يَكُوْنُ
النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ ﴿٤﴾ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ ﴿٥﴾ فَاَمَّا
مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ ﴿٦﴾ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ﴿٧﴾ وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ
مَوَازِيْنُهٗ ﴿٨﴾ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ﴿٩﴾ وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا هِيَهْ ﴿١٠﴾ نَارٌ حَامِيَةٌ ﴿١١﴾

"دل ہلا دینے والی (لرزہ خیز حادثہ)۔ کیا ہے وہ دل ہلا دینے والی؟ اور آپ کو کیا معلوم کہ وہ دل ہلا دینے والی کیا ہے۔ جس دن لوگ بکھرے ہوئے پروانوں کی طرح ہوں گے۔ اور پہاڑ رنگ برنگی دھنکی ہوئی اون کی مانند ہوں گے۔ پھر جس کے (نیکیوں کے) پلڑے بھاری ہوں گے تو وہ دل پسند عیش (و مسرت) میں ہوگا۔ اور جس کے (نیکیوں کے) پلڑے ہلکے ہوں گے تو اس کا ٹھکانا ہاویہ ہوگا۔ اور آپ کو کیا معلوم کہ ہاویہ کیا ہے؟ ایک بھڑکتی ہوئی آگ ہے"۔

امام ابن ضریس، ابن مردویہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے کہ سورۃ القارعۃ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔

امام ابن جریر، ابن منذر، ابن ابی حاتم رحمہم اللہ نے کئی طرق سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے کہ القارعۃ قیامت کے دنوں میں سے ایک دن ہے (1)۔

امام عبد بن حمید، ابن منذر رحمہما اللہ نے حضرت مجاہد رحمہ اللہ سے یوں تفسیر نقل کی ہے فرمایا: يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ یہ وہ پروانے ہیں جنہیں تم آگ میں گرتے ہوئے دیکھتے ہو۔ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ فرمایا: عہن سے مراد اون ہے یعنی پہاڑ رنگ برنگی دھنکی ہوئی اون کی مانند ہوں گے۔ فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ سے مراد جنت ہے یعنی جس کے نیکیوں کے ترازو بھاری ہوں گے وہ جنت میں ہوگا۔ وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ہاویہ سے مراد جہنم ہے یعنی جہنم ان کی پناہ گاہ اور ٹھکانا ہوگا جہاں کہیں جائے پناہ نہیں، وہ ہاویہ کی طرح اور گہری ہے (2)۔

امام عبد الرزاق، عبد بن حمید، ابن جریر اور ابن منذر رحمہم اللہ نے حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے کہ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ کا معنی ہے اس کا ٹھکانا جہنم ہے، وہ اس کا ٹھکانا ہوگی (3)۔

ابن منذر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے کہ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ میں ہاویہ کی طرح ہے جو گہری ہے۔

1۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 30، صفحہ 343، داراحیاء التراث العربی بیروت 2۔ ایضاً، جلد 30، صفحہ 341-42 3۔ ایضاً، جلد 30، صفحہ 342

امام ابن منذر رحمہ اللہ نے حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے یہ قول بیان کیا ہے کہ یہ ایک عربی لغت ہے جب کوئی آدمی کسی اچھائی کی طلب سے واپس لوٹ آئے یا کسی برائی میں مبتلا ہو جائے۔ تو وہ کہتے ہیں "رجعت فی حافرتہ"

امام ابن ابی حاتم رحمہ اللہ نے ابو خالد رحمۃ اللہ علیہ وائلی سے بیان کیا ہے کہ عظاماً نخرۃ سے مراد بوسیدہ۔

امام ابن ابی حاتم رحمہ اللہ نے حضرت محمد بن کعب القرظی سے یہ قول بیان کیا ہے کہ ساہرۃ سے مراد جہنم ہے۔

امام ابن جریر نے حضرت ابو صالح رحمہ اللہ سے یہ قول بیان کیا ہے کہ وہ جہنم میں اپنے قدموں کے بل کھڑے ہوں گے۔ (1)

امام ابن جریر رحمہ اللہ نے حضرت سفیان رحمۃ اللہ علیہ سے یہ قول ذکر کیا ہے کہ الساہرۃ سے مراد ملک شام ہے جس کی طرف لوگوں کو محشر کے لئے لے جایا جائے گا اور یہاں سے نکالا جائے گا۔ (2)

امام عبدالرزاق اور ابن جریر نے اشعث بن عبداللہ الاعمی رحمہ اللہ تعالیٰ سے روایت بیان کی ہے کہ جب بندہ مومن مر جاتا ہے تو اس کی روح مومنین کی ارواح کے پاس لے جائی جاتی ہے تو وہ کہتی ہیں اپنے بھائی کو راحت پہنچاؤ کیونکہ یہ دنیا کے غم اور اضطراب میں تھا۔ پھر وہ اس سے پوچھتے ہیں فلاں کا کیا حال ہے؟ فلاں کا کیا حال ہے؟ اور وہ انہیں حالات سے آگاہ کرتا ہے اور کہتا ہے وہ صالح اور نیک ہے۔ یہاں تک کہ وہ اس سے پوچھتے ہیں فلاں کا کیا بنا؟ تو وہ جواب دیتا ہے۔ وہ تو فوت ہو گیا ہے۔ کیا وہ تمہارے پاس نہیں آیا؟ تو وہ (ارواح) کہتے ہیں یقیناً اسے اس کے ٹھکانے ہاویہ کی طرف لے جایا گیا ہے۔ (3)

امام حاکم نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی بندہ مر جاتا ہے تو اس کی روح مومنین کی ارواح سے ملاقات کرتی ہے تو وہ اسے کہتی ہیں فلاں کا کیا حال ہے؟ اور جب وہ جواب دیتا ہے کہ وہ تو مر گیا ہے تو وہ کہتی ہیں اسے ہاویہ کی طرف لے جایا گیا ہے۔ وہ بہت برا ٹھکانہ ہے اور بہت بری رہائش گاہ ہے۔ (4)

امام ابن مردویہ رحمہ اللہ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے حدیث بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب ایک مومن فوت ہو جاتا ہے تو اسے مومنین کی ارواح ملتی ہیں۔ وہ اس سے سوال کرتے ہیں فلاں آدمی کا کیا حال ہے؟ فلاں عورت کا کیا حال ہے؟ اور اگر وہ مر چکا ہو اور ان کے پاس نہ پہنچا ہو تو وہ کہتے ہیں اسے اس کے ٹھکانے ہاویہ کی طرف لے جایا گیا ہے۔ وہ بہت برا ٹھکانہ اور بری رہائش گاہ ہے۔ یہاں تک کہ وہ یہ بھی پوچھتے ہیں فلاں کا کیا بنا ہے، کیا اس نے شادی کر لی ہے؟ فلاں عورت کا کیا بنا کیا اس نے شادی کی ہے؟ پھر کہتے ہیں اسے چھوڑ دو تاکہ یہ آرام کر لے۔ کیونکہ یہ دنیا کے مصائب و آلام سے نکل کر آیا ہے۔

امام ابن مردویہ رحمہ اللہ نے حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے حدیث نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک بندہ مومن کی روح جب قبض کی جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سے اہل رحمت اسے ملتے ہیں جیسا کہ وہ اہل

1۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 30، صفحہ 342، داراحیاء التراث العربی بیروت 2۔ ایضاً
3۔ تفسیر عبدالرزاق، سورۃ محمد، جلد 3، صفحہ 654 (3685)، دارالکتب العلمیہ بیروت
4۔ مستدرک حاکم، جلد 2، صفحہ 581 (3608)، دارالکتب العلمیہ بیروت

دنیا میں سے کسی کو مسرت اور خوشخبری دینے والے سے ملتے ہیں وہ کہتے ہیں اپنے ساتھی کا خیال رکھو تاکہ یہ راحت و آرام پا سکے کیونکہ شدید غم میں مبتلا رہتا تھا۔ پھر وہ اس سے پوچھتے ہیں: فلاں آدمی کا کیا ہوا ہے؟ فلاں عورت کا کیا حال ہے؟ کیا اس نے شادی کی ہے؟ اور جب وہ کسی آدمی کے بارے میں پوچھتے ہیں حالانکہ وہ اس سے پہلے مر چکا ہوتا ہے تو وہ جواب دیتا ہے کہ وہ تو مجھ سے پہلے مر گیا تھا۔ تو وہ کہتے ہیں: انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اسے اس کے ٹھکانے ہاویہ کی طرف لے جایا گیا۔ وہ کتنا برا ٹھکانہ ہے اور کتنی بری تربیت کرنے والی ہے۔

امام ابن مبارک نے حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی ہے: جب کسی بندے کی روح قبض کی جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سے اہل رحمت اس سے ملتے ہیں جس طرح دنیا میں خوشخبری دینے والے کے لیے ملتے ہیں اور اس کے پاس آتے ہیں۔ تاکہ اس کے احوال پوچھیں۔ وہ آپس میں ایک دوسرے کو کہتے ہیں: اپنے بھائی کا خیال رکھو تاکہ یہ راحت و سکون پائے۔ کیونکہ یہ انتہائی کرب میں تھا۔ چنانچہ وہ اس کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور اس سے دریافت کرتے ہیں: فلاں آدمی کا کیا حال ہے؟ فلاں عورت کیسی تھی؟ کیا اس نے شادی کی ہے؟ جب وہ کسی ایسے آدمی کے بارے میں پوچھتے ہیں جو اس سے پہلے فوت ہو چکا ہوتا ہے وہ انہیں اس کے بارے میں بتاتا ہے کہ وہ تو فوت ہو گیا ہے تو وہ کہتے ہیں: انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اسے ہاویہ کی طرف لے جایا گیا ہے اور وہ کتنی بری رہائش گاہ ہے۔ پھر ان پر ان کے اعمال پیش کیے جاتے ہیں۔ جب وہ نیکی دیکھتے ہیں تو انتہائی مسرور اور خوش ہو جاتے ہیں اور کہتے ہیں: یہ تیرا اپنے بندے پر احسان ہے۔ اسے مکمل فرما۔ اور جب برائی دیکھتے ہیں تو کہتے ہیں: اے اللہ! اپنے بندے پر مہربانی فرما اور اس کی طرف نظر رحمت فرما۔ امام ابن مبارک نے کہا ہے: امام سلام نے اسے ایک اور سند سے روایت کیا ہے اور انہوں نے اسے مرفوعاً ذکر کیا ہے۔

امام ابن مبارک رحمہ اللہ نے حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے کہ ان سے پوچھا گیا: کیا مردے زندوں کی خبریں پاتے ہیں؟ تو انہوں نے جواب دیا: ہاں۔ جس کا بھی کوئی دوست اور قریبی ہو وہ اس کے قریبی اور رشتہ داروں کی خبریں لاتا ہے۔ پس اگر وہ اچھی اور خیر کی خبر ہو تو وہ اس سے مسرور اور خوش ہوتا ہے۔ اور اگر وہ بری خبر ہو تو وہ اس کے سبب پریشان اور غمزدہ ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ ایک آدمی کے بارے پوچھتے ہیں جو مر چکا ہوتا ہے۔ تو انہیں کہا جاتا ہے: کیا وہ تمہارے پاس نہیں آیا ہے؟ تو وہ جواب دیتے ہیں: نہیں۔ اسے اس کے ٹھکانے ہاویہ کی طرف لے جایا گیا ہے۔

